حُسنِ اَخلاق کے فضائل پر مشتمل 200 مستند اَحادیث کا مجموعہ

مَکَارِمُ الْاَخلَاق

ترجمہ بنام

حُسنِ اخلاق

مؤلِّف: حضرت سیِّدُنا اِمام ابوقاسم سلیمان بن احمد طبرانی علیہ رحمۃ اللہ الوالی
(اَلْمُتَوَفّٰی ۳۶۰ھ)

مکتبۃ المدینہ
(دعوتِ اسلامی)
StC1286

مدنی چینل
دیکھتے رہئے

المدینۃ العلمیۃ
(دعوتِ اسلامی)

حُسنِ اَخلاق کے فضائل پر مشتمل 200 مستند اَحادیث کا مجموعہ

مَکَارِمُ الْاَخلَاق

ترجمہ بنام

حُسنِ اَخلاق

مؤلف:

حضرت سیِّدُنا اِمام ابوقاسم سلیمان بن احمد طبرانی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللہِ الْوَالِی

(اَلْمُتَوَفّٰی ۳۶۰ھ)

پیش کش: مجلس المدینۃ العلمیۃ (دعوتِ اسلامی)

ناشر

مکتبۃ المدینہ باب المدینہ کراچی

www.dawateislami.net

یادداشت

دورانِ مطالعہ ضرورتاً انڈر لائن کیجئے، اشارات لکھ کر صفحہ نمبر نوٹ فرما لیجئے۔ ان شاء اللہ عَزَّوَجَلَّ علم میں ترقی ہوگی۔

عنوان	صفحہ	عنوان	صفحہ

www.dawateislami.net

فہرست

مضامین	نمبر شمار
اس کتاب کو پڑھنے کی نیتیں	3
المدینة العلمیه کا تعارف	4
پہلے اسے پڑھ لیجئے	6
تعارفِ مصنف	10
تِلاوتِ قرآنِ مجید، ذِکْرُ اللّٰه کی کثرت، زبان کے قفلِ مدینہ، مساکین سے مَحبّت اور اُن کی ہم نشینی کے فضائل	14
حُسنِ اَخلاق کی فضیلت	15
نرم مزاجی، خوش اخلاقی اور عاجزی کی فضیلت	19
لوگوں سے خندہ پیشانی سے ملنے کی فضیلت	20
مسلمان بھائی کے لئے مسکرانے کی فضیلت	21
نرمی اور بردباری کی فضیلت	22
صبر و سخاوت کی فضیلت	24
غصے کے وقت خود پر قابو پانے کی فضیلت	26
رحم اور نرم دلی کی فضیلت	27
غصہ پی جانے کی فضیلت	30
لوگوں سے درگزر کرنے کی فضیلت	32
مسلمانوں کی خیر خواہی کی فضیلت	36
دل کی پاکیزگی اور مسلمانوں کے کینہ سے بچنے کی فضیلت	37
لوگوں میں صلح کرانے کی فضیلت	40
ادائیگیٔ حقوق کی فضیلت	41
مظلوم کی مدد کرنے کی فضیلت	41
ظالم کو ظلم سے روکنے کا بیان	42
نادان کو روکنے کا بیان	42
مسلمانوں کی مدد اور ان کی ضرورت پوری کرنے کی فضیلت	43
کسی کی پریشانی دور کرنے کی فضیلت	47
کمزوروں کی کفالت کرنے کی فضیلت	49
یتیموں کی کفالت کرنے کی فضیلت	51
لاوارث بچوں کی تربیت اور ان کے بڑے ہونے تک اُن پر خرچ کرنے کی فضیلت	55
حُسنِ سلوک کی فضیلت	55
اچھے اعمال کرنے کی فضیلت	59
مسلمان پر ظلم کرنے کی مذمت	60
مسلمان بھائی کی جائز سفارش کرنے کی فضیلت	62
مسلمان کی عزت کا تحفظ اور اس کی مدد کرنے کی فضیلت	64
لوگوں سے محبت کرنے کی فضیلت	66
راہِ خدا کے لشکروں کی مدد کرنے کی فضیلت	66
حاجی کی مدد کرنے اور روزہ افطار کرانے کی فضیلت	67
چھوٹوں پر شفقت، بڑوں کی عزت اور علما کا اِحترام کرنے کی فضیلت	68
عُلما کے لئے مجلس کشادہ کرنے کی فضیلت	69

www.dawateislami.net

مسلمان بھائی کو تکیہ پیش کرنے کی فضیلت	70	ہمسائے کے حقوق کا بیان	87
کھانا کھلانے کی فضیلت	71	مأخذ و مراجع	91
مسلمان بھائی کو لباس پہنانے کی فضیلت	86	المدینۃ العلمیہ کی کُتُب کا تعارف	93

نیکیوں کا ذخیرہ

میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!

اللہ ورسول عَزَّوَجَلَّ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی خوشنودی کے حصول اور باکردار مسلمان بننے کے لئے **''دعوتِ اسلامی''** کے اِشاعتی اِدارے **مکتبۃ المدینہ** سے **''مدنی اِنعامات''** نامی رسالہ حاصل کر کے اس کے مطابق زندگی گزارنے کی کوشش کیجئے۔ اور اپنے اپنے شہروں میں ہونے والے **دعوتِ اسلامی** کے ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع میں پابندیٔ وقت کے ساتھ شرکت فرما کر خوب خوب سنتوں کی بہاریں لُوٹئے۔ **دعوتِ اسلامی** کے سنتوں کی تربیت کے لئے بے شمار **مدنی قافلے** شہر بہ شہر، گاؤں بہ گاؤں سفر کرتے رہتے ہیں آپ بھی سنتوں بھرا سفر اِختیار فرما کر اپنی آخرت کے لئے **''نیکیوں کا ذخیرہ''** اکٹھا کریں۔ اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ آپ اپنی زندگی میں حیرت انگیز طور پر **''مدنی اِنقلاب''** برپا ہوتا دیکھیں گے۔

www.dawateislami.net

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

’’اچھے اَخلاق اپناؤ‘‘ کے 14 حُروف کی نسبت سے اس کتاب کو پڑھنے کی ’’14 نیّتیں‘‘

فرمانِ مصطفٰے صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم: ’’نِیَّۃُ الْمُؤْمِنِ خَیْرٌ مِّنْ عَمَلِہٖ یعنی مسلمان کی نیّت اس کے عمل سے بہتر ہے۔‘‘ (المعجم الکبیر للطبرانی، الحدیث: ۵۹۴۲، ج۶، ص ۱۸۵)

دومَدَنی پھول: ﴿۱﴾ بغیر اچھی نیّت کے کسی بھی عملِ خیر کا ثواب نہیں ملتا۔
﴿۲﴾ جتنی اچھی نیّتیں زِیادہ، اُتنا ثواب بھی زِیادہ۔

﴿۱﴾ ہر بار حمد و ﴿۲﴾ صلوٰۃ اور ﴿۳﴾ تعوُّذ و ﴿۴﴾ تَسمِیَہ سے آغاز کروں گا (اسی صَفْحہ پر اُوپر دی ہوئی دو عَرَبی عبارات پڑھ لینے سے چاروں نیّتوں پر عمل ہو جائے گا)۔ ﴿۵﴾ قرآنی آیات اور ﴿۶﴾ احادیثِ مبارکہ کی زیارت کروں گا ﴿۷﴾ رِضائے الٰہی کے لیے اس کتاب کا اوّل تا آخر مُطالَعہ کروں گا۔ ﴿۸﴾ حتَّی الْوَسْع اِس کا باوُضو اور قِبلہ رُو مُطالَعہ کروں گا۔ ﴿۹﴾ جہاں جہاں ’’اللّٰہ‘‘ کا نام پاک آئے گا وہاں عَزَّوَجَلَّ اور ﴿۱۰﴾ جہاں جہاں ’’سرکار‘‘ کا اِسمِ مُبارک آئے گا وہاں صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پڑھوں گا۔ ﴿۱۱﴾ (اپنے ذاتی نسخے پر) عندالضرورت خاص خاص مقامات انڈر لائن کروں گا ﴿۱۲﴾ دوسروں کو یہ کتاب پڑھنے کی ترغیب دلاؤں گا۔ ﴿۱۳﴾ اس حدیثِ پاک ’تَھَادَوْا تَحَابُّوْا‘‘ ایک دوسرے کو تحفہ دو آپس میں محبت بڑھے گی۔ (مؤطا امام مالک، ج۲، ص ۴۰۷، الحدیث: ۱۷۳۱) پر عمل کی نیت سے (ایک یا حسبِ توفیق) یہ کتاب خرید کر دوسروں کو تحفۃً دوں گا۔ ﴿۱۴﴾ کتابت وغیرہ میں شَرعی غَلَطی ملی تو ناشرین کو تحریری طور پر مُطَّلع کروں گا۔

(مصنّف یا ناشِرین وغیرہ کو کتابوں کی اَغلاط صِرف زبانی بتانا خاص مفید نہیں ہوتا)

www.dawateislami.net

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ

اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

المدینۃ العلمیۃ

از: شیخِ طریقت، امیرِ اہلسنّت، بانیٔ دعوتِ اسلامی حضرت علاّمہ

مولانا ابو بلال **محمد الیاس عطار** قادری رضوی ضیائی دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ

الحمدللّٰہ علٰی اِحْسَانِہٖ وَ بِفَضْلِ رَسُوْلِہٖ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّم تبلیغِ قرآن وسنّت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک ''**دعوتِ اسلامی**'' نیکی کی دعوت، اِحیائے سنّت اور اشاعتِ علمِ شریعت کو دنیا بھر میں عام کرنے کا عزمِ مُصمّم رکھتی ہے، اِن تمام اُمور کو بحسنِ خوبی سر انجام دینے کے لئے متعدّد مجالس کا قیام عمل میں لایا گیا ہے جن میں سے ایک مجلس ''**المدینۃ العلمیۃ**'' بھی ہے جو دعوتِ اسلامی کے عُلما و مُفتیانِ کرام کَثَّرَ ھُمُ اللّٰہُ السَّلَام پر مشتمل ہے، جس نے خالص علمی، تحقیقی اور اشاعتی کام کا بیڑا اُٹھایا ہے۔ اس کے مندرجہ ذیل چھ شعبے ہیں:

(۱) شعبۂ کُتُبِ اعلیٰحضرت (۲) شعبۂ درسی کُتُب

(۳) شعبۂ اصلاحی کُتُب (۴) شعبۂ تراجمِ کتب

(۵) شعبۂ تفتیشِ کُتُب (۶) شعبۂ تخریج

''**المدینۃ العلمیۃ**'' کی اوّلین ترجیح سرکارِ اعلیٰحضرت اِمامِ اَہلسنّت، عظیم البَرَکت، عظیم المرتبت، پروانۂ شمعِ رِسالت، مُجدِّدِ دین ومِلّت، حامیٔ سنّت، ماحیٔ بِدعت، عالِمِ شَرِیْعَت، پیرِ طریقت، باعثِ خَیْر و بَرَکت، حضرتِ علاّمہ مولٰینا الحاج الحافِظ القاری شاہ امام اَحمد رَضا خان عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الرَّحْمٰن کی گِراں مایہ تصانیف

www.dawateislami.net

کوعصرِ حاضر کے تقاضوں کے مطابق حتَّی الْوَسع سَہل اُسلُوب میں پیش کرنا ہے۔

تمام اسلامی بھائی اور اسلامی بہنیں اِس عِلمی، تحقیقی اور اشاعتی مدنی کام میں ہر ممکن تعاون فرمائیں اور مجلس کی طرف سے شائع ہونے والی کُتُب کا خود بھی مُطَالَعہ فرمائیں اور دوسروں کو بھی اِس کی ترغیب دلائیں۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ "دعوتِ اسلامی" کی تمام مجالس بَشُمُول "**المدینة العلمیه**" کو دن گیارہویں اور رات بارہویں ترقّی عطا فرمائے اور ہمارے ہر عملِ خیر کو زیورِ اخلاص سے آراستہ فرما کر دونوں جہاں کی بھلائی کا سبب بنائے۔ ہمیں زیرِ گنبدِ خضرا شہادت، جنّت البقیع میں مدفن اور جنّت الفردوس میں جگہ نصیب فرمائے۔

(آمین بِجَاہِ النَّبِیِّ الْاَمِین صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم)

رمضان المبارک ۱۴۲۵ھ

❁❁❁❁❁❁❁

www.dawateislami.net

پہلے اِسے پڑھ لیجئے!

ایک شخص نے حُضُور نبیِّ پاک، صاحبِ لولاک، سیاحِ افلاک صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سے حسنِ اخلاق کے متعلق سوال کیا تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے یہ آیت مبارکہ تلاوت فرمائی:

خُذِ الْعَفْوَ وَاْمُرْ بِالْعُرْفِ وَاَعْرِضْ عَنِ الْجٰهِلِیْنَ ﴿۱۹۹﴾ (پ۹، الاعراف: ۱۹۹)

ترجمہ کنزالایمان: اے محبوب معاف کرنا اختیار کرو اور بھلائی کا حکم دو اور جاہلوں سے منہ پھیرلو۔

پھر ارشاد فرمایا: "حُسنِ خلق یہ ہے کہ تم قطع تعلُّق کرنے والے سے صلہ رحمی کرو، جو تمہیں محروم کرے اسے عطا کرو اور جو تم پر ظُلم کرے اسے مُعاف کردو۔" (1)

حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن مبارک رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ فرماتے ہیں کہ "خندہ پیشانی سے ملاقات کرنے، خوب بھلائی کرنے اور کسی کو تکلیف نہ دینے کا نام حسن اَخلاق ہے۔" (2)

پیارے اور محترم اسلامی بھائیو! ہمارے پیارے آقا، مدینے والے مصطفٰی صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی تشریف آوری کا ایک اور مقصد یہ بھی ہے کہ لوگوں کے اَخلاق ومعاملات کو دُرُست کریں۔ ان کے اندر سے بُرے اَخلاق کی

---

1 ......احیاء علوم الدین، کتاب ریاضۃ النفس......الخ، بیان فضیلۃ حسن الخلق......الخ، ج۳، ص ٦١.

2 ......سنن الترمذی، کتاب البر والصلہ، باب ماجاء فی حسن الخلق، الحدیث: ۲۰۱۲، ج۳، ص ٤٠٤.

www.dawateislami.net

جڑیں اکھاڑیں اوران کی جگہ بہترین اَخلاق پیدا کریں۔ چنانچہ، آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے اپنے قول وعمل سے تمام اچھے اَخلاق کی فہرست مرتب فرمائی اور پوری زندگی اور زندگی کے تمام شعبوں پر اسے نافذ کیا اور ہر طرح کے حالات میں ان پر کاربند رہنے کی ہدایت کی۔

حُسنِ اَخلاق کی نعمت صرف سعادت مندوں کا حصّہ ہے اور اللہ عَزَّوَجَلَّ کا خاص الخاص اِنعام ہے اور حُسنِ اَخلاق میں حسن ہی حسن ہے جبکہ بداَخلاقی میں کراہیت ہی کراہیت ہے۔ کسی نے کیا خوب کہا ہے:

ہے فلاح وکامرانی نرمی وآسانی میں ہر بنا کام بگڑ جاتا ہے نادانی میں

زیرِ نظر رسالہ ''حُسنِ اَخلاق'' دنیائے اسلام کے عظیم محدّث حضرتِ سیِّدُنا امام ابوقاسم سلیمان بن احمد طبرانی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْوَالِی کی شاہکار تالیف ''مَکَارِمُ الْاَخْلَاق'' کا ترجمہ ہے۔ جس میں سیِّدُنا امام طبرانی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْوَالِی نے اَخلاق کے مختلف شعبوں کے مُتَعَلِّق اَحادیثِ مُبارَکہ جمع فرمائی ہیں۔ امیدِ واثق ہے کہ یہ رسالہ شب وروز انفرادی کوشش میں مصروف رہنے والے اسلامی بھائیوں کے لئے بے حد مفید ثابت ہوگا اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ۔ لہٰذا حُسنِ اَخلاق اپنانے اور اللہ عَزَّوَجَلَّ ورسول عَزَّوَجَلَّ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی اطاعت و فرمانبرداری پر استقامت پانے اور ''اپنی اور ساری دنیا کے لوگوں کی اِصلاح کی کوشش'' کا مقدس جذبہ اُجاگر کرنے کے لئے خود بھی اس رسالے کا مُطَالَعہ کیجئے اور حسبِ اِستطاعت مکتبۃ المدینہ سے ہدیۃً حاصل کرکے دوسروں کو بطورِ تحفہ پیش کیجئے۔ اس

www.dawateislami.net

ترجمہ میں جو بھی خوبیاں ہیں وہ یقیناً اللہ عَزَّوَجَلَّ اور اس کے پیارے حبیب صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی عطاؤں، اولیائے کرام رَحِمَھُمُ اللّٰہُ السَّلَام کی عنایتوں اور شیخِ طریقت، امیرِ اہلسنّت، بانیٔ دعوتِ اسلامی حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطارؔ قادری دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کی پُرخلوص دعاؤں کا نتیجہ ہے اور جو خامیاں ہیں ان میں ہماری کوتاہ فہمی کا دخل ہے۔

ترجمہ کرتے ہوئے درج ذیل اُمور کا خصوصی طور پر خیال رکھا گیا ہے:

- ......سلیس اور بامحاورہ ترجمہ کیا گیا ہے تاکہ کم پڑھے لکھے اسلامی بھائی بھی سمجھ سکیں۔
- ......آیاتِ مُبارکہ کا ترجمہ اعلیٰ حضرت، امامِ اہلسنّت، شاہ امام احمد رضاؔ خان عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الرَّحْمٰن کے ترجمۂ قرآن ''کنزالایمان'' سے لیا گیا ہے۔
- ......آیاتِ مُبارکہ کے حوالے نیز حتی المقدور احادیث واقوال وغیرہ کی تخاریج کا بھی اہتمام کیا گیا ہے۔
- ......بعض مقامات پر مفید وضروری حواشی کا التزام کیا گیا ہے۔
- ......مشکل الفاظ پر اِعراب لگانے کی سعی بھی کی گئی ہے۔
- ......مشکل الفاظ کے معانی ہلالین (......) میں لکھنے کا اہتمام کیا گیا ہے۔
- ......علاماتِ ترقیم (رُموزِ اوقاف) کا بھی خیال رکھا گیا ہے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی بارگاہ میں دعا ہے کہ ہمیں ''اپنی اور ساری دُنیا کے لوگوں کی اِصلاح کی کوشش'' کرنے کے لئے مدنی اِنعامات پر عمل اور مدنی قافلوں میں سفر کرنے کی توفیق عطا فرمائے اور دعوتِ اسلامی کی تمام مجالس بشمول

www.dawateislami.net

مجلس المدینة العلمیة کو دن پچیسویں رات چھبیسویں ترقی عطا فرمائے۔

(اٰمِین بِجاہِ النَّبِیِّ الْاَمِین صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم)

شعبہ تراجِم کتب (مجلس المدینة العلمیة)

❁❁❁❁❁❁❁

فضائل قرآنِ کریم

فرمانِ مصطفٰی صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم:

''یہ قرآن مجید اللہ عَزَّوَجَلَّ کی طرف سے ضیافت ہے تو تم اپنی استطاعت کے مطابق اُس کی ضیافت قبول کرو۔ بے شک یہ قرآن مجید، اللہ عَزَّوَجَلَّ کی مضبوط رسی، نورِ مُبِین، نفع بخش شِفا، جو اسے اختیار کرتا ہے اس کے لئے ڈھال اور جو اس پر عمل کرے اُس کے لئے نجات ہے۔ یہ حق سے نہیں پھرتا کہ اس کے ازالے کے لئے تھکنا پڑے اور یہ ٹیڑھی راہ نہیں کہ اسے سیدھا کرنا پڑے۔ اس کے فوائد ختم نہیں ہوتے اور کثرتِ تلاوت سے پرانا نہیں ہوتا (یعنی اپنی حالت پر قائم رہتا ہے)۔ تو تم اس کی تلاوت کیا کرو اللہ عَزَّوَجَلَّ تمہیں ہر حَرف کی تلاوت پر دس نیکیاں عطا فرمائے گا۔ مَیں نہیں کہتا کہ ''الٓمّٓ'' ایک حرف ہے بلکہ ''الف'' ایک حرف ''لام'' ایک حرف اور ''میم'' ایک حرف ہے۔''

(المستدرك،الحديث: ٢٠٨٤،ج٢،ص٢٥٦)

www.dawateislami.net

تعارفِ مُصنِّف

نام ونسب:

آپ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ کا نام نامی اسم گرامی سلیمان بن احمدبن ایوب مطیر لخمی طبرانی ہے۔کنیت ابو قاسم ہے اور امام طبرانی کے نام سے مشہور ہیں۔

ولادتِ باسعادت:

آپ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ صفر المظفر 260ھ میں طبریہ میں پیدا ہوئے۔

علمی زندگی:

آپ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ نے بچپن ہی سے علم حاصل کرنا شروع فرمادیا تھا۔ چنانچہ، طبریہ میں حضرت سیِّدُنا احمد بن مسعود مقدسی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی سے احادیث کی سماعت کی اس وقت عمر شریف 13 سال تھی۔ پھر ملک شام منتقل ہوگئے جہاں آپ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ نے علم حدیث کے ماہر ونقاد محدثین سے سماعت حدیث کی پھر 280ھ میں مصر کی جانب سفر اختیار فرمایا۔282ھ میں یمن۔ 283ھ میں مدینہ منورہ زَادَھَا اللّٰہُ شَرَفًا وَّتَعْظِیْمًا کی جانب سفر کیا۔پھر مکہ مکرمہ زَادَھَا اللّٰہُ شَرَفًا وَّتَعْظِیْمًا سے ہوتے ہوئے دوبارہ یمن تشریف لے آئے۔285ھ میں مصر لوٹ آئے اور 287ھ میں عراق کا سفر فرمایا۔ان تمام سفروں کے دوران کچھ وقت ائمۂ حدیث سے حدیث کی سماعت کا شرف حاصل کیا پھر فارس منتقل ہوگئے اور تادم وفات وہیں قیام پذیر رہے۔

www.dawateislami.net

اساتذۂ کرام:

حضرت سیِّدُ نا امام ذہبی عَلَیْهِ رَحْمَةُ اللّٰهِ الْوَلِی "تَذْكِرَةُ الْحُفَّاظ" میں فرماتے ہیں کہ ''حضرت سیِّدُ نا سلیمان بن احمد طبرانی عَلَیْهِ رَحْمَةُ اللّٰهِ الْوَالِی کے اساتذہ کی تعداد ایک ہزار سے زائد ہے۔'' حضرت سیِّدُ نا امام طبرانی عَلَیْهِ رَحْمَةُ اللّٰهِ الْوَالِی کے شاگردِ رشید حضرت سیِّدُ نا امام ابونعیم اصفہانی قُدِّسَ سِرُّهُ النُّوْرَانِی ''حِلْيَةُ الْاَوْلِيَاء'' میں فرماتے ہیں کہ '' آپ رَحْمَةُ اللّٰهِ تَعَالٰی عَلَیْه نے بے شمار اَکابر عُلَما سے اَحادیث روایت کی ہیں۔ چند مشہور شُیُوخ کے اسماء گرامی یہ ہیں:

(۱)......حضرت سیِّدُ نا علی بن عبدالعزیز بغوی (۲)......حضرت سیِّدُ نا ابو مسلم کشی (۳)......حضرت سیِّدُ نا محمد بن عبداللّٰہ حضرمی (۴)......حضرت سیِّدُ نا عبداللّٰہ بن احمد بن حنبل (۵)......حضرت سیِّدُ نا اسحاق بن ابراھیم دبری (۶)......حضرت سیِّدُ نا یوسف بن یعقوب قاضی اور (۷)......حضرت سیِّدُ نا محمد بن عثمان بن ابی شیبة رَحِمَهُمُ اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْهِمْ اَجْمَعِیْن۔

تلامذہ:

بے شمار تِشْنَگانِ علم نے آپ رَحْمَةُ اللّٰهِ تَعَالٰی عَلَیْه کے بحرِ علم سے اپنی پیاس بجھائی جن میں سے چند کے اسماء گرامی یہ ہیں: (۱)......حضرت سیِّدُ نا حافظ احمد بن موسی بن مردویہ (۲)......حضرت سیِّدُ نا حافظ محمد بن احمد بن احمد جارودی (۳)......حضرت سیِّدُ نا حافظ محمد بن اسحاق بن محمد بن یحیی اصبھانی اور (۴)......حضرت سیِّدُ نا حافظ محمد بن ابو علی احمد بن عبدالرحمن ھمذانی

www.dawateislami.net

ذکوانی رَحِمَهُمُ اللّٰہُ تعَالٰی عَلَیہِمْ اَجمَعِین ۔ نیز آپ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تعَالٰی عَلَیہ کے بعض شُیُوخ نے بھی آپ سے روایات لی ہیں۔

تصنیف وتالیف:

آپ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تعَالٰی عَلَیہ نے کثیر کُتُب تصنیف فرمائی ہیں جن میں سے چند کے نام درج ذیل ہیں: (۱)......اَلْمُعْجَمُ الْکَبِیر (۲)......اَلْمُعْجَمُ الْاَوْسَط (۳)......اَلْمُعْجَمُ الصَّغِیر (۴)......(زیرِنظر رسالہ) مَکَارِمُ الْاَخْلَاق (۵) کِتَابُ الْاَوَائِل (۶)......کِتَابُ الْاَحَادِیْثِ الطِّوَال (۷)......کِتَابُ الدُّعَاء۔

تعریفی کلمات:

حضرت سیِّدُنا امام سمعانی قُدِّسَ سِرُّہُ النُّورَانِی ''اَلْاَنْسَاب'' میں فرماتے ہیں کہ ''حضرت سیِّدُنا امام طبرانی عَلَیہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْوَالِی اپنے زمانے کے حافظ الحدیث تھے۔ علمِ حدیث کے حُصُول کے لئے مختلف ممالک کا سفر اختیار فرمایا اور بے شمار شُیُوخ سے ملاقات کی اور حفاظ حدیث سے مذاکرہ کیا۔ پھر عمر کے آخری ایام میں اصبہان میں سکونت اختیار فرمائی اور کثیر کتب تصنیف فرمائیں۔''

حضرت سیِّدُنا امام ابن عساکر رَحْمَۃُ اللّٰہِ تعَالٰی عَلَیہ ''تاریخ دمشق'' میں فرماتے ہیں کہ ''حضرت سیِّدُنا امام طبرانی عَلَیہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْوَالِی کثیر احادیث حفظ کرنے اور احادیث کے حُصُول کے لیے سفر کرنے والوں میں سے ایک ہیں۔''

حضرت سیِّدُنا امام ابن عماد عَلَیہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْجَوَاد ''شَذَرَاتُ الذَّھَب'' میں فرماتے ہیں کہ ''حضرت سیِّدُنا امام طبرانی عَلَیہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْوَالِی قابلِ اعتماد اور سچے محدث تھے۔ قوی حافظہ کے مالک اور علل ورجال حدیث اور ابواب کی کامل بصیرت رکھنے والے تھے۔

www.dawateislami.net

وصال:

علم وعمل کا یہ حسین پیکرِعلم کے موتی لُٹاتے اورعلم کے پیاسوں کوسیراب کرتے ہوئے ماہ ذوالقعدہ 360ھ میں دارفانی سے داربقا کی جانب کوچ کرگیا۔

(اِنَّالِلّٰہِ وَاِنَّآاِلَیۡہِ رَاجِعُوۡن)

﴿اللہ عَزَّوَجَلَّ کی ان پر رحمت ہواوران کے صدقے ہماری مَغۡفِرت ہو۔آمین﴾

❁❁❁❁❁❁❁

حدیثِ قدسی

دعوتِ اسلامی کے اشاعتی ادارے **مکتبۃ المدینہ** کی مطبوعہ **54** صَفحات پر مشتمل کتاب، ''**نصیحتوں کے مدنی پھول بوسیلۂ احادیث رسول**'' صَفْحہ **51** تا **52** پر ہے: اللہ عَزَّوَجَلَّ ارشاد فرماتا ہے:

اے ابن آدم! جس نے ہنس ہنس کر گناہ کئے میں اسے رُلا رُلا کر جہنم میں ڈالوں گا اور جو میرے خوف سے روتا رہا میں اسے خوش کر کے جنّت میں داخِل کروں گا۔

اے ابنِ آدم! کتنے غنی ایسے ہیں جو روزِ حساب محتاجی ومفلسی کی تمنا کریں گے؟

❁......کتنے بے رحم ایسے ہیں جنہیں موت ذلیل ورسوا کردے گی؟

❁......کتنی شیریں چیزیں ایسی ہیں جنہیں موت تلخ کردے گی؟

❁......نعمتوں پرکتنی خوشیاں ایسی ہیں کہ جنہیں موت گدلا کردے گی؟

❁......کتنی خوشیاں ایسی ہیں جو اپنے بعد طویل غم لائیں گی؟

(مجموعۃ رسائل الامام الغزالی، المواعظ فی الاحادیث القدسیۃ، ص ۵۷۷)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَ الصَّلٰوۃُ وَ السَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

تِلاوتِ قرآنِ مجید، ذِکْرُ اللہ کی کثرت، زبان کے قفلِ مدینہ، مساکین سے مَحبت اور اُن کی ہم نشینی کے فضائل

﴿1﴾...... حضرت سیِّدُنا ابوذر غفاری رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے بارگاہِ رِسالت میں عرض کی: ''یارَسُوْلَ اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! مجھے کوئی نصیحت فرمایئے۔'' آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''میں تمہیں خوفِ خدا کی نصیحت کرتا ہوں۔ بے شک یہ تیرے دِین کی اصل ہے۔'' میں نے عرض کی: ''اور نصیحت فرمایئے۔'' ارشاد فرمایا: ''قرآن مجید کی تِلاوت اور ذِکْرُ اللہ کثرت سے کیا کرو کہ یہ تمہارے لئے آسمانوں اور زمین میں نور ہوں گے۔'' میں نے عرض کی: ''یارَسُوْلَ اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! کچھ اور نصیحت فرمایئے۔'' ارشاد فرمایا: ''جہاد کو اپنے اوپر لازم کرلو کیونکہ یہ میری اُمّت کی رَہبانیّت (1) ہے۔'' میں نے عرض کی: ''یارَسُوْلَ اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! کچھ اور نصیحت فرمایئے۔'' ارشاد فرمایا: ''کم ہنسا کرو کہ زیادہ ہنسا دلوں کو مردہ اور چہرے کو بے نور کردیتا ہے۔'' میں نے عرض کی: ''مزید نصیحت فرمایئے۔'' ارشاد فرمایا: ''اچھی بات کے علاوہ خاموش ہی رہو کہ خاموشی تمہارے شیطان سے ڈھال اور دِینی کاموں میں تمہاری مددگار رہے۔''

---

(1)...... عبادت وریاضت میں مبالغہ کرنے اور لوگوں سے دور رہنے کو رہبانیت کہتے ہیں۔
(تفسیر بیضاوی، پ۲۷، تحت الآیۃ:۲۷، ج۵، ص۳۰۵)

www.dawateislami.net

میں نے عرض کی: ''کچھ اور نصیحت فرمایئے۔'' ارشاد فرمایا: ''(دنیاوی مُعاملات میں) اپنے سے ادنیٰ کو دیکھو اعلیٰ کی طرف مت دیکھو کیونکہ یہ عمل اس سے بہتر ہے کہ تم اللہ عَزَّوَجَلَّ کی نعمت کو حقیر جاننے لگو۔'' میں نے عرض کی: ''یارَسُوْلَ اللہ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! کچھ اور نصیحت فرمایئے۔'' ارشاد فرمایا: ''مساکین سے محبت کرو اور اُن کی صُحبت اختیار کرو۔'' میں نے عرض کی: ''مزید نصیحت فرمایئے۔'' ارشاد فرمایا: ''حق بات کہو اگر چہ کڑوی ہو۔'' میں نے عرض کی: ''کچھ اور بھی ارشاد فرمایئے۔'' ارشاد فرمایا: ''رشتہ داروں سے تَعلُّق جوڑو اگر چہ وہ تم سے قطعِ تَعلُّقی کریں۔'' میں نے عرض کی: ''یارَسُوْلَ اللہ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! اور نصیحت فرمایئے۔'' ارشاد فرمایا: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ کے معاملہ میں کسی کی ملامت سے خوف زدہ نہ ہونا۔'' میں نے عرض کی: ''اور نصیحت فرمایئے۔'' ارشاد فرمایا: ''لوگوں کے لئے وہی پسند کرو جو اپنے لئے پسند کرتے ہو۔'' پھر آپ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے اپنا دست مُبارک میرے سینے پر مارا اور ارشاد فرمایا: ''اے ابوذر! تدبیر جیسی کوئی عقل مندی نہیں، گناہوں سے بچنے جیسی کوئی پرہیز گاری نہیں اور حُسنِ اَخلاق جیسی کوئی شرافت نہیں۔'' (1)

حُسنِ اخلاق کی فضیلت

(2)......امیر المومنین حضرت سیِّدُنا علی المرتضی کَرَّمَ اللہُ تَعَالٰی وَجْهَهُ الْکَرِیْم سے روایت ہے کہ ''حضور نبیٔ اکرم، نُورِ مُجَسَّم، شاہِ بنی آدم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''بے شک بندہ حُسنِ اَخلاق کے ذریعے دن میں روزہ رکھنے اور

(1)......الترغیب والترھیب، کتاب القضا، باب الترھیب من الظلم ودعاء المظلوم، الحدیث: ٢٤، ج٣، ص ١٣١.

www.dawateislami.net

رات میں قیام کرنے والوں کے درجے کو پالیتا ہے اور کبھی بندے کو متکبر وسرکش لکھ دیا جاتا ہے حالانکہ وہ اپنے گھر والوں کے علاوہ کسی کا بھی مالک نہیں ہوتا۔'' (1)

﴿3﴾......اُم المؤمنین حضرت سیِّدَتُنا عائشہ صدیقہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھَا سے روایت ہے کہ حُضُور نبی کریم، رَءُوف رّحیم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''بندہ حُسنِ اَخلاق کی وجہ سے تہجد گزار اور سخت گرمی میں روزے کے سبب پیاسا رہنے والے کے درجے کو پالیتا ہے۔'' (2)

﴿4﴾......حضرت سیِّدُنا ابودرداء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ حُضُور نبیِّ پاک، صاحبِ لولاک، سیاحِ اَفلاک صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''میزانِ عمل میں حُسنِ اَخلاق سے زیادہ وزنی کوئی چیز نہیں۔''(3)

﴿5﴾......حضرت سیِّدُنا جابر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ حضور نبیِّ رَحمت، شفیعِ اُمّت صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''کیا میں تمہیں تم میں سب سے بہتر شخص کے بارے میں خبر نہ دوں؟'' ہم نے عرض کی: ''کیوں نہیں۔'' ارشاد فرمایا: ''وہ جو تم میں سے اچھے اَخلاق والا ہے۔'' (4)

﴿6﴾......حضرت سیِّدُنا جابر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ نبیوں کے سلطان، رحمتِ عالمیان صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''بروزِ قیامت تم

1 ......المعجم الاوسط، الحدیث: ٦٢٧٣۔٦٢٨٣، ج٤، ص٣٦٩۔٣٧٢.

2 ......الاستذکار للقرطبی، باب ماجاء فی حسن الخلق، الحدیث: ١٦٧٢، ج٨، ص٢٧٩.

3 ......سنن ابی داؤد، باب فی حسن الخلق، الحدیث: ٤٧٩٩، ج٤، ص٣٣٢.

4 ......الترغیب والترھیب، کتاب الادب، باب الترغیب فی الخلق الحسن......الخ، الحدیث: ٤٠٧١، ج٣، ص٣٣٠.

www.dawateislami.net

میں سے مجھے زیادہ محبوب اور میری مجلس میں زیادہ قریب وہ لوگ ہوں گے جو اچھے اَخلاق والے اور عاجزی اِختیار کرنے والے ہوں گے، وہ لوگوں سے اور لوگ ان سے مَحبت کرتے ہیں اور تم میں سے میرے نزدیک ناپسندیدہ اور میری مجلس میں مجھ سے زیادہ دُور وہ لوگ ہوں گے جو بُہت زیادہ باتیں کرنے والے، بک بک کرنے والے اور تکبُّر کرنے والے ہوں گے۔'' (1)

﴿7﴾......حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن عمر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا سے روایت ہے کہ حضور سرورِ عالم، نُورِ مُجَسَّم، شاہِ بنی آدم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ ارشاد فرماتا ہے: میں نے بندوں کو اپنے علم سے پیدا کیا۔ پس جس سے میں بھلائی کا ارادہ کرتا ہوں اسے اچھے اَخلاق عطا کر دیتا ہوں اور جس سے بُرائی کا ارادہ کرتا ہوں اسے بُرے اَخلاق دے دیتا ہوں۔'' (2)

﴿8﴾......حضرت سیِّدُنا جابر بن سمرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ حضور پرنور، شافِعِ یومِ النشور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''مسلمانوں میں سے سب سے زیادہ اچھا وہ ہے جس کے اَخلاق سب سے زیادہ اچھے ہیں۔'' (3)

﴿9﴾......حضرت سیِّدُنا ابوہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ سرکارِ مدینہ، راحت قلب وسینہ، فیض گنجینہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا:

---

1 ......سنن الترمذی، کتاب البر و الصلة، الحدیث: ۲۰۲۵، ج۳، ص۴۰۹۔
الترغیب و الترهیب، کتاب الادب، باب الترغیب فی الخلق الحسن......الخ، الحدیث: ۴۰۸۰، ج۳، ص۳۳۲.

2 ......جامع الاحادیث، حرف القاف مع الالف، الحدیث: ۱۵۱۲۹، ج۵، ص۳۲۵.

3 ......المسند للامام احمد بن حنبل، حدیث جابر بن سمرہ، الحدیث: ۲۰۸۷۴، ج۷، ص۴۱۰.

www.dawateislami.net

’’کامل مومن وہ ہے جس کے اَخلاق سب سے زیادہ اچھے ہیں۔‘‘ (1)

﴿10﴾......حضرت سیِّدُنا ابو ہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ کے محبوب، دانائے غُیوب، مُنَزَّہٌ عَنِ الْعُیُوب صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ’’اللہ عَزَّوَجَلَّ نے جس بندے کے خَلق اور خُلق (یعنی صورت اور سیرت) کو اچھا بنایا اسے آگ نہ کھائے گی۔‘‘ (2)

﴿11﴾......حضرت سیِّدُنا ابو ہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ حضور نبیِّ اَکرم، نورِ مُجَسَّم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ’’اچھے اَخلاق گناہوں کو اس طرح پگھلا دیتے ہے جس طرح سورج کی حرارت برف کو پگھلا دیتی ہے۔‘‘ (3)

﴿12﴾......حضرت سیِّدُنا اسامہ بن شریک رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن نے بارگاہِ رسالت میں عرض کی: ’’یارَسُوْلَ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! انسان کو سب سے اچھی چیز کون سی عطا فرمائی گئی؟‘‘ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ’’انسان کو حُسنِ اَخلاق سے زیادہ اچھی کوئی چیز عطا نہیں کی گئی۔‘‘ (4)

﴿13﴾......حضرت سیِّدُنا ابو ذر غفاری رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بیان کرتے ہیں کہ حُضُور نبیِّ کریم، رَءُوفٌ رَّحیم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے مجھے نصیحت فرمائی

---

1 ......سنن ابی داؤد، کتاب السنه، باب الدلیل علی زیادة الایمان......الخ، الحدیث: ٤٦٨٢، ج٤، ص٢٩٠.

2 ......شعب الایمان للبیهقی، باب فی حسن الخلق، الحدیث: ٨٠٣٨، ج٦، ص٢٤٩.

3 ......شعب الایمان للبیهقی، باب فی حسن الخلق، الحدیث: ٨٠٣٦، ج٦، ص٢٤٧.

4 ......المعجم الکبیر، الحدیث: ٤٦٣، ج١، ص١٧٩.

www.dawateislami.net

کہ ’’جہاں بھی رہو اللہ عَزَّوَجَلَّ سے ڈرتے رہو اور گناہ سرزد ہو جائے تو فوراً نیکی کرلیا کرو کہ یہ گناہ کو مٹا دے گی اور لوگوں سے اچھے اُخلاق سے پیش آؤ۔‘‘ (1)

نرم مزاجی، خوش اخلاقی اور عاجزی کی فضیلت

﴿14﴾......حضرت سیِّدُنا جابر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ حضور سیِّدِ عالَم، نُورِ مُجَسَّم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ’’کیا میں تمہیں اس شخص کے بارے میں نہ بتاؤں جس پر جہنم کی آگ حرام ہے؟ جو نرم طبیعت، نرم زبان، لوگوں سے درگزر کرنے اور حاجت پوری کرنے والا ہو۔‘‘ (2)

﴿15﴾......حضرت سیِّدُنا ابوہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ حُضُور نبیِّ پاک صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ’’مومن اتنا نرم طبیعت، نرم زبان والا ہوتا ہے کہ اُس کی نرمی کی وجہ سے لوگ اُسے احمق خیال کرتے ہیں۔‘‘ (3)

﴿16﴾......حضرت سیِّدُنا عرباض بن ساریہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ حُضُور نبیِّ کریم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ’’مومن نکیل والے اُونٹ کی طرح ہوتا ہے کہ اگر اسے باندھ دیا جائے تو ٹھہر جاتا ہے اور اگر چلایا جائے تو چل پڑتا ہے اور اگر کسی پتھریلی جگہ پر بٹھایا جائے تو بیٹھ جاتا ہے۔‘‘ (4)

---

(1)......سنن الترمذی، کتاب البر والصلة، باب ماجاء فی معاشرة الناس، الحدیث: ۱۹۹۴، ج۳، ص۳۹۷.

(2)......المعجم الاوسط، الحدیث: ۸۳۷، ج۱، ص۲۴۴.

(3)......شعب الایمان للبیهقی، باب فی حسن الخلق، الحدیث: ۸۱۲۷، ج۶، ص۲۷۲.

(4)......سنن ابن ماجه، کتاب السنه، باب اتباع سنة خلفاء......الخ، الحدیث: ۴۳، ج۱، ص۳۲۔
تفسیر روح البیان، الفرقان، تحت الآیه: ۶۳، ج۶، ص۲۴۰، بدون وان سیق انساق.

www.dawateislami.net

﴿17﴾......حضرت سیِّدُنا ابو ہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنہ سے روایت ہے کہ حُضُور نبیِّ رحمت، شفیعِ اُمت صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''خوشخبری ہے اس شخص کے لئے جس نے بغیر نَقص وعَیب کے عاجزی کی اور خوشخبری ہے اُس کے لئے جو عُلَمائے فقہ وحکمت سے میل جول رکھے اور ذلیل اور گنہگاروں کی صُحبت سے دور رہے۔ خوشخبری ہے اُس کے لئے جو اپنا زائد مال راہِ خُدا میں خرچ کر دے اور فضول گفتگو سے باز رہے۔ خوشخبری ہے اُس کے لئے جو میری سنّت کو اپنائے ہوئے ہو اور سنت کو چھوڑ کر بدعت اختیار نہ کرے۔'' (1)

لوگوں سے خندہ پیشانی سے ملنے کی فضیلت

﴿18﴾......حضرت سیِّدُنا ابو ہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنہ سے روایت ہے کہ مکی مَدَنی مصطفٰی صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''تم لوگوں کو اپنے اَموال سے خوش نہیں کر سکتے لیکن تمہاری خندہ پیشانی اور خوش اَخلاقی انہیں خوش کر سکتی ہیں۔'' (2)

﴿19﴾......حضرت سیِّدُنا جابر بن عبد اللّٰہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنہ سے روایت ہے کہ شہنشاہِ مدینہ، قرارِ قلب وسینہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''افضل ترین صَدَقہ یہ ہے کہ تم اپنے برتن سے پانی اپنے بھائی کے برتن میں اُنڈیل دو اور اس سے خندہ پیشانی سے ملو۔'' (3)

---

1 ......شعب الایمان للبیهقی، باب فی الزهد وقصر العمل، الحدیث: ۱۰۵٦۳، ج۷، ص ۳۵۵، بتغیرٍ قلیلٍ.

2 ......المستدرك للحاكم، كتاب العلم، الحدیث: ٤۳۵، ج۱، ص ۳۲۹.

3 ......سنن الترمذی، كتاب البر والصلة عن رسول اللّٰه، باب ماجاء فی طلاقة الوجه......الخ، الحدیث: ۱۹۷۷، ج۳، ص ۳۹۱، مفهومًا.

www.dawateislami.net

مسلمان بھائی کے لئے مسکرانے کی فضیلت

﴿20﴾......حضرت سیِّدُنا ابوذَر غفاری رَضِیَ اللّٰہُ تعالٰی عَنْہ سے مرفوعًا روایت ہے کہ سرکارِ مدینہ، راحت قلب سینہ صَلَّی اللّٰہُ تعالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''تمہارا اپنے ڈول سے اپنے بھائی کا ڈول بھرنا صدقہ ہے۔ تمہارا نیکی کا حکم دینا اور بُرائی سے منع کرنا صَدَقہ ہے۔ تمہارا اپنے مسلمان بھائی کے لئے مسکرانا صَدَقہ ہے اور تمہارا کسی بھٹکے ہوئے کو راستہ بتانا بھی صَدَقہ ہے۔'' (1)

﴿21﴾......حضرت سیِّدَتُنا اُمِّ درداء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا حضرت سیِّدُنا ابودرداء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے مُتَعلِّق فرماتی ہیں کہ وہ دورانِ گفتگو مسکرایا کرتے تھے۔ میں نے ان سے اس بارے میں پوچھا تو انہوں نے جواب دیا کہ میں نے سیِّدِ عالَم، نُورِ مُجسَّم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو دیکھا کہ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم دورانِ گفتگو مسکراتے رہتے تھے۔'' (2)

﴿22﴾......حضرت سیِّدُنا جابر رَضِیَ اللّٰہُ تعالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ جب رسولِ اَکرم، شاہِ بنی آدم صَلَّی اللّٰہُ تعالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر وحی نازِل ہوتی تو میں کہتا کہ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم قوم کو ڈرسنانے والے ہیں اور جب وحی نازِل نہ ہوتی تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تعالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم لوگوں میں سب سے زیادہ مسکرانے والے اور اچھے اَخلاق والے ہوتے تھے۔ (3)

1 ......شعب الایمان للبیھقی، باب فی الزکاۃ، الحدیث: ۳۳۲۸، ج۳، ص۲۰۴۔

2 ......تاریخ مدینہ دمشق لابن عساکر، الرقم ۵۴۶۴ عویمر بن زید بن قیس، ج۴۷، ص۱۸۷۔

3 ......الکامل فی ضعفاء الرجال، الرقم ۱۶۶۳/۱۴۲ محمد بن عبدالرحمن بن ابی لیلی، ج۷، ص۳۹۴، بتغیرٍ قلیلٍ۔

www.dawateislami.net

نرمی اور بردباری کی فضیلت

﴿23﴾......حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن مغفّل رَضِیَ اللّٰہُ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ کے پیارے حبیب صَلَّی اللّٰہُ تعالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''بے شک اللہ عَزَّوَجَلَّ نرمی فرمانے والا ہے اور نرمی کو پسند فرماتا ہے اور نرمی پر وہ کچھ عطا فرماتا ہے جو سختی پر عطا نہیں فرماتا۔'' (1)

﴿24﴾......ام المومنین حضرت سیِّدَتُنا عائشہ صدیقہ رَضِیَ اللّٰہُ تعالٰی عنہا سے روایت ہے کہ نور کے پیکر، تمام نبیوں کے سَرْوَر صَلَّی اللّٰہُ تعالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ ہر مُعاملے میں نرمی کو ہی پسند فرماتا ہے۔'' (2)

﴿25﴾......حضرت سیِّدُنا اَنس بن مالک رَضِیَ اللّٰہُ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ تاجدارِ رسالت، شہنشاہِ نبوت صَلَّی اللّٰہُ تعالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''نرمی جس چیز میں ہوتی ہے اُسے زینت بخشتی ہے۔'' (3)

﴿26﴾......ام المومنین حضرت سیِّدَتُنا عائشہ صدیقہ رَضِیَ اللّٰہُ تعالٰی عنہا سے روایت ہے کہ سیِّدُ الْمُبَلِّغِین، رَحْمَۃٌ لِّلْعٰلَمِیْن صَلَّی اللّٰہُ تعالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''جب اللہ عَزَّوَجَلَّ کسی گھرانے سے بھلائی کا ارادہ فرماتا ہے تو اُن (کے دلوں) میں اُلفت و نرمی پیدا فرما دیتا ہے۔'' (4)

﴿27﴾......حضرت سیِّدُنا سہل بن سعد رَضِیَ اللّٰہُ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ

---

1 ......سنن ابی داؤد، کتاب الادب، باب فی الرفق، الحدیث: ٤٨٠٧، ج٤، ص٣٣٤.

2 ......صحیح البخاری، کتاب الادب، باب الرفق فی الامر کله، الحدیث: ٦٠٢٤، ج٤، ص١٠٦.

3 ......مسند البزار، مسندابی حمزه انس بن مالك، الحدیث: ٧٠٠٢، ج٢، ص٣٢٩.

4 ......المسند للامام احمدبن حنبل، مسندعائشه، الحدیث: ٢٤٤٨١، ج٩، ص٣٤٥.

www.dawateislami.net

شَفِیعُ الْمُذْنِبِین، اَنِیسُ الْغَرِیْبِیْن صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا:
''اطمینان اللہ عَزَّوَجَلَّ کی طرف سے اور جلد بازی شَیْطان کی طرف سے ہے۔'' (1)

﴿28﴾......حضرت سیِّدُنا ابوہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ کے مَحبوب، دانائے غُیوب، مُنَزَّہٌ عَنِ الْعُیُوب صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''آدمی کی عزت اُس کا دین، مُرَوَّت (مُ۔رَوْ۔وَ۔ت) اُس کی عَقل اور اُس کی شَرافت اس کا اَخلاق ہے۔'' (2)

﴿29﴾......حضرت سیِّدُنا اَشج عصری رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بیان کرتے ہیں کہ حُسنِ اَخلاق کے پیکر، نبیوں کے تاجور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے مجھ سے ارشاد فرمایا: ''تم میں دو خصلتیں ایسی ہیں جنہیں اللہ عَزَّوَجَلَّ پسند فرماتا ہے وہ بردباری اور اطمینان ہیں۔'' میں نے عرض کی: ''یارَسُوْلَ اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! کیا وہ خصلتیں میں نے خود اپنے اندر پیدا کیں ہیں یا اللہ عَزَّوَجَلَّ نے مجھے ان پر فطرتاً پیدا فرمایا ہے؟'' ارشاد فرمایا، ''نہیں بلکہ اللہ عَزَّوَجَلَّ نے تمہاری فطرت انہی دو خصلتوں پر رکھی ہے۔'' پھر میں نے کہا: ''تمام تعریفیں اُس رب عَزَّوَجَلَّ کے لئے ہیں جس نے میری فطرت ان دو خَصلتوں پر رکھی جن سے وہ اور اس کے رَسُول صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم راضی ہیں۔'' (3)

﴿30﴾......حضرت سیِّدَتُنا اُمِّ سَلَمہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا سے روایت ہے کہ خَاتَمُ الْمُرْسَلِین،

1 ......سنن الترمذی، کتاب البر والصلة، باب ما جاء فی الرفق، الحدیث: ٢٠١٩، ج٣، ص٤٠٧.
2 ......المسند للامام احمد بن حنبل، مسند ابی هریره، الحدیث: ٨٧٨٢، ج٣، ص٢٩٢.
3 ......السنن الکبری للبیهقی، کتاب النکاح، باب ماجاء فی قبلة الجسد، الحدیث: ١٣٥٨٧، ج٧، ص١٦٤.

www.dawateislami.net

رَحْمَۃٌ لِّلْعٰلَمِیْن صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشادفرمایا: ''جس میں تین باتوں میں سے کوئی ایک بھی نہ پائی جائے تو وہ اپنے کسی بھی عمل کے ثواب کی امید نہ رکھے: (۱) ایسا تقویٰ جو حرام کاموں سے روکے (۲) ایسا حِلم جو اسے گمراہی سے روکے (۳) حُسنِ اَخلاق جس کے ساتھ وہ لوگوں میں زندگی گزارے۔'' (1)

صبر وسخاوت کی فضیلت

﴿31﴾......حضرت سیِّدُنا جابر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ سرکارِ والا تَبار، ہم بے کسوں کے مددگار صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشادفرمایا: ''(کامل) ایمان صبر اور سخاوت کا ہی نام ہے۔'' (2)

﴿32﴾......حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن عمر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا سے روایت ہے کہ سیِّدِ عالَم، نُورِ مُجسَّم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشادفرمایا: ''وہ مومن جو لوگوں سے میل جول رکھتا اور اُن کی طرف سے پہنچنے والی تکالیف پر صبر کرتا ہے اُس مومن سے افضل ہے جو لوگوں سے میل جول نہیں رکھتا اور اُن کی طرف سے پہنچنے والی تکالیف پر صبر نہیں کرتا۔'' (3)

﴿33﴾......حضرت سیِّدُنا جابر بن عبداللّٰہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ رحمتِ عالَم، نُورِ مُجسَّم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشادفرمایا:

1......شعب الایمان للبیہقی، باب فی حسن الخلق، الحدیث: ۸۴۲۴، ج۶، ص۳۳۹.

2......المسند لابی یعلی، مسند جابر بن عبداللّٰہ، الحدیث: ۱۸۴۹، ج۲، ص۲۲۰.

3......السنن الکبری للبیہقی، کتاب آداب القاضی، باب فضل المؤمن القوی......الخ، الحدیث: ۲۰۱۷۵، ج۱۰، ص۱۵۳.

www.dawateislami.net

’’جب حضرت ابراہیم عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کو زمین وآسمان کی سیر کرائی گئی تو آپ عَلَیْہِ السَّلَام نے ایک شخص کو فسق وفجور میں مبتلا دیکھ کر اُس کے لئے ہلاکت کی دعا فرمائی تو اُسے ہلاک کر دیا گیا۔ پھر ایک اور شخص کو گناہوں میں مبتلا دیکھ کر اس کے خلاف بھی دعا فرمائی تو اللہ عَزَّوَجَلَّ نے ان کی طرف وحی فرمائی کہ اے ابراہیم! بے شک جس نے میری نافرمانی کی وہ میرا ہی بندہ ہے اور تین باتوں میں سے کوئی ایک اسے میرے غضب سے بچالے گی، یا تو وہ توبہ کرلے گا تو میں اُس کی توبہ قبول کر لوں گا یا وہ مجھ سے مغفرت چاہے گا تو میں اُس کی مغفرت فرمادوں گا یا پھر اس کی نسل سے ایسے لوگ پیدا ہوں گے جو میری عبادت کریں گے۔ اے ابراہیم! کیا تمہیں معلوم نہیں کہ میرے ناموں میں سے ایک نام یہ بھی ہے کہ میں صبور (یعنی بہت زیادہ حلم والا) ہوں۔‘‘ (1)

﴿34﴾ ...... حضرت سیِّدُنا ابوموسیٰ اشعری رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ حضور نبی مُکَرَّم، نُورِ مُجسَّم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ’’کسی تکلیف دہ بات کو سن کر اللہ عَزَّوَجَلَّ سے زیادہ صبر کرنے والا کوئی نہیں کہ لوگ اُس کی طرف اولاد منسوب کرتے ہیں لیکن اللہ عَزَّوَجَلَّ پھر بھی انہیں معاف فرماتا اور رزق عطا فرماتا ہے۔‘‘ (2)

﴿35﴾ ...... حضرت سیِّدُنا ابومسعود رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ جب تم اپنے

---

1 ...... المعجم الاوسط، الحدیث: ۷٤۷۵، ج۵، ص ۳۲۲.

2 ...... صحیح المسلم، کتاب صفة القیامة والجنة والنار، باب لا احد اصبر علی...... الخ، الحدیث: ٤ ۲۸۰، ص ٦ ۱۵۰.

www.dawateislami.net

کسی مسلمان بھائی کو گناہوں میں مبتلا دیکھو تو اُس کے خلاف شیطان کے مددگار نہ بن جاؤ کہ تم یوں کہو: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ اسے رسوا کرے، اللہ عَزَّوَجَلَّ اِس کا برا کرے۔'' بلکہ یوں کہو: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ اِسے توبہ کی توفیق عطا فرمائے اور اِس کی مَغْفِرت فرمائے۔'' (1)

غُصّے کے وقت خود پر قابو پانے کی فضیلت

﴿36﴾......حضرت سیِّدُنا ابو ہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ رسولِ اَکرم، شاہِ بنی آدم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''طاقتور وہ نہیں جو لوگوں کو پچھاڑ دے۔'' صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن نے عرض کی: ''یَا رَسُوْلَ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! پھر طاقتور کون ہے؟'' ارشاد فرمایا: ''وہ جو غُصّہ کے وقت اپنے آپ کو قابو میں رکھے۔'' (2)

﴿37﴾......حضرت سیِّدُنا اَنس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بیان کرتے ہیں کہ حُضُور نبیٔ رحمت، شفیعِ اُمّت صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کچھ لوگوں کے پاس سے گزرے تو دیکھا کہ وہ پتھر اٹھانے کا مقابلہ کر رہے تھے۔ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''یہ کیا ہو رہا ہے؟'' لوگ نے عرض کی: ''یَا رَسُوْلَ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! یہ وہ پتھر ہے جسے ہم زمانۂ جاہلیت میں طاقتور کا پتھر کہا کرتے تھے۔'' آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''کیا میں تمہیں تمہارے سب سے طاقتور شخص کے مُتعلّق نہ بتاؤں؟ تم میں سے زیادہ طاقتور وہ ہے جو غُصّہ کے وقت خود پر زیادہ

---

(1)......المعجم الکبیر، الحدیث: ۸۵۷٤، ج۹، ص ۱۱۰، بتغیرٍ قلیلٍ.

(2)......صحیح المسلم، کتاب البر والصلة، باب فضل من یملك نفسه......الخ، الحدیث: ۲٦۰۸، ص ۱٤۰٦.

www.dawateislami.net

قابو پانے والا ہے۔‘‘ (1)

﴿38﴾......حضرت سیِّدُنا عبد اللّٰہ بن عمرو رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے بارگاہِ رِسالت میں عرض کی: ’’یارَسُوْلَ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! مجھے کون سی چیز غضبِ الٰہی سے بچا سکتی ہے؟‘‘ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ’’غُصّہ مت کیا کرو۔‘‘ (2)

﴿39﴾......حضرت سیِّدُنا وَہب بن مُنَبِّہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ ’’تورات میں لکھا ہے: ’’جب تجھے غصہ آئے تو مجھے یاد کر، جب مجھے جلال آئے گا تو میں تجھے یاد رکھوں گا اور جب تجھ پر ظلم کیا جائے تو تو صبر کر، میرا تیری مدد کرنا تیرے لئے اپنی مدد کرنے سے بہتر ہے۔ اپنے ہاتھ کو حرکت دے، تیرے لئے رزق کے دروازے کھل جائیں گے۔‘‘ (3)

رحم اور نرم دلی کی فضیلت

﴿40﴾......حضرت سیِّدُنا اَنس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ حُضُور نبی کریم، رَءُوف رَّحیم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ’’اُس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قُدرت میں میری جان ہے! اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ صرف رحیم کو ہی اپنی رحمت عطا فرماتا ہے۔‘‘ ہم نے عرض کی: ’’یارَسُوْلَ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! کیا ہم سب رحیم ہیں؟‘‘ ارشاد فرمایا کہ ’’رحیم وہ نہیں جو محض اپنی ذات اور اپنے

1 ......جامع الاحادیث للسیوطی، مسندانس بن مالک، الحدیث: ۱۳۰۸۷، ج۱۸، ص۴۹۳.

2 ......المسند للامام احمد بن حنبل، مسند ابنِ عمرو، الحدیث: ۶۶۴۶، ج۲، ص۵۸۷.

3 ......فیض القدیر، تحت الحدیث: ۶۰۲۲، ج۴، ص۶۲۹.

www.dawateislami.net

اہلِ خانہ پر رحم کرے بلکہ رحیم وہ ہے جو تمام مسلمانوں پر رحم کرے۔'' (1)

﴿41﴾......امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا ابوبکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ سرکارِ مدینہ، قرارِ قلب وسینہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا کہ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ ارشاد فرماتا ہے: ''اگر تم میری رحمت چاہتے ہو تو میری مخلوق پر رحم کرو۔'' (2)

﴿42﴾......حضرت سیِّدُنا اسامہ بن زید رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ میٹھے میٹھے آقا، مکی مَدَنی مصطفٰی صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''بے شک اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ رحم کرنے والے بندوں پر ہی رحم فرماتا ہے۔'' (3)

﴿43﴾......حضرت سیِّدُنا جابر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ شہنشاہِ مدینہ، قرارِ قلب وسینہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''جو لوگوں پر رحم نہیں کرتا اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اُس پر رحم نہیں فرماتا۔'' (4)

﴿44﴾......حضرت سیِّدُنا جریر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ تاجدارِ رسالت، شہنشاہِ نبوت صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''جو رحم نہیں کرتا اُس پر رحم نہیں کیا جاتا اور جو مُعاف نہیں کرتا اُسے مُعاف نہیں کیا جاتا۔'' (5)

---

1 ......الزهدلهناد، باب الرحمة، الحديث: ۱۳۲۵، ج۲، ص۶۱۶.

2 ......الكامل فى ضعفاء الرجال، الرقم ۵۹۳/۲۳ خالدبن عمرو، ج۳، ص۴۵۷.

3 ......صحيح البخارى، كتاب الجنائز، باب قول النبى "يعذب الميت......الخ"، الحديث: ۱۲۸۴، ج۱، ص۴۳۴.

4 ......صحيح المسلم، كتاب الفضائل، باب رحمة الصبيان والعيال وتواضعه، الحديث: ۲۳۱۹، ص۱۲۶۸.

5 ......الترغيب والترهيب، كتاب القضاء وغيره، باب فى شفقة على خلق الله......الخ، الحديث: ۳۴۴۸، ج۳، ص۱۵۴.

www.dawateislami.net

﴿45﴾......حضرت سیِّدُنا جریر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ حُضُور نبیِّ پاک، صاحبِ لَوْلاک، سیاحِ افلاک صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''جو اہلِ زمین پر رحم نہیں کرتا آسمان کا مالک اس پر رحم نہیں فرماتا۔'' (1)

﴿46﴾......حضرت سیِّدُنا عبد اللّٰہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ سرکارِ نامدار، مدینے کے تاجدار صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''اہلِ زمین پر رحم کرو، آسمان کا مالک تم پر رحم کرے گا۔'' (2)

﴿47﴾......حضرت سیِّدُنا عبد اللّٰہ بن عمرو رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کے پیارے حبیب صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ ''رحم کرو تم پر رحم کیا جائے گا۔ معاف کرو تمہیں معاف کیا جائے گا۔'' (3)

﴿48﴾......حضرت سیِّدُنا سَہل بن سَعد رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ ایک عورت بارگاہِ رِسالت میں کسی حاجت کی غرض سے حاضر ہوئی لیکن اسے نور کے پیکر، تمام نبیوں کے سَرْوَر صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے قریب پہنچنے کے لئے کوئی جگہ نہ مل سکی۔ یہ دیکھ کر ایک صحابی اپنی جگہ سے اٹھ گئے اور وہ عورت وہاں بیٹھ گئی۔ پھر اس کی حاجت پوری ہوگئی۔ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ان صحابی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے دریافت فرمایا: ''تم نے ایسا کیوں کیا؟'' انہوں نے عرض

---

(1)......الترغیب و الترھیب، کتاب القضاء وغیرہ، باب فی شفقة علی خلق اللہ......الخ، الحدیث: ۳۴۵۱، ج۳، ص۱۵۴.

(2)......مصنف ابن ابی شیبه، کتاب الادب، باب ماذکرفی الرحمة من الثواب، الحدیث: ۱۰، ج۶، ص۹۴.

(3)......شعب الایمان للبیھقی، باب فی معالجة کل ذنب بالتوبة، الحدیث: ۷۲۳۶، ج۵، ص۴۴۹.

www.dawateislami.net

کی: ''مجھے اس پر رحم آ گیا تھا۔'' یہ سن کر آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ تم پر رحم فرمائے۔'' (1)

﴿49﴾...... حضرت سیِّدُنا قرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص نے بارگاہِ رسالت میں عرض کی: ''یارَسُوْلَ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! میں بکری کو ذبح کرتا ہوں تو مجھے اُس پر رحم آجاتا ہے۔'' آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''اگر تم بکری پر رحم کرو گے تو اللہ عَزَّوَجَلَّ تم پر رحم فرمائے گا۔'' (2)

غصہ پی جانے کی فضیلت

﴿50﴾...... حضرت سیِّدُنا انس جُھَنِی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ حضور نبیِّ پاک صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''جو انتقام کی قدرت کے باوجود غصہ پی جائے تو اللہ عَزَّوَجَلَّ اُسے قیامت کے دن مخلوق کے سامنے بلائے گا اور اُسے اختیار دے گا کہ حوروں میں سے جسے چاہے لے لے۔'' (3)

﴿51﴾...... حضرت سیِّدُنا عبد اللّٰہ بن عمر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا سے روایت ہے کہ دو جہاں کے تاجْوَر، سلطانِ بَحر و بَر صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''آدمی کا کوئی گھونٹ پینا غُصّے کے اُس گھونٹ سے افضل نہیں ہے جسے وہ رضائے الٰہی کے لئے پیتا ہے۔'' (4)

---

1 ......المعجم الکبیر، الحدیث: ٥٨٥٤، ج٦، ص١٦١، رحمتھا بدلہ افرحمتھا.

2 ......المسند للامام احمد بن حنبل، بقیة حدیث معاویة بن قرہ، الحدیث: ١٥٥٩٢، ج٥، ص٣٠٤.

3 ......سنن الترمذی، کتاب صفة القیامة، باب ٤٨، الحدیث: ٢٥٠١، ج٤، ص٢٢٢.

4 ......المسند للامام احمد بن حنبل، مسند عبد اللّٰہ بن عمر، الحدیث: ٦١٢٢، ج٢، ص٤٨٢.

www.dawateislami.net

﴿52﴾...... حضرت سیِّدُنا انس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بیان کرتے ہیں کہ حُضُور نبیِّ کریم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کچھ ایسے لوگوں کے قریب سے گزرے جو کُشتی لڑ رہے تھے۔ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے اِسْتِفْسار فرمایا: ''یہ کیا ہو رہا ہے؟'' لوگوں نے عرض کی: ''یارَسُوْلَ اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم ! فلاں بہت قوی ہے۔ جو بھی اُس سے لڑتا ہے وہ اُسے پچھاڑ دیتا ہے۔'' تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''کیا میں تمہیں اس سے بھی زیادہ طاقتور کے بارے میں نہ بتاؤں؟ وہ شخص جس پر کوئی ظلم کرے اور وہ غُصّہ پی جائے اور اپنے غُصّے پر قابو پالے تو ایسا شخص اپنے اور دوسرے شخص کے شیطان پر غالب آجاتا ہے۔'' (1)

﴿53﴾...... حضرت سیِّدُنا انس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ میٹھے میٹھے آقا، مکی مدنی مصطفٰی صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''کیا تم ابو ضمضم کی طرح بننے سے عاجز ہو؟'' صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن نے عرض کی: ''ابو ضمضم کون ہے؟'' آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''یہ وہ شخص ہے کہ جب صُبح ہوتی ہے تو کہتا ہے: اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ وَھَبْتُ نَفْسِیْ وَعِرْضِیْ یعنی اے اللہ عَزَّوَجَلَّ! میں نے اپنی جان اور عزت ہبہ کی۔ پس وہ گالی دینے والے کو گالی نہ دیتا، ظُلم کرنے والے پر ظُلم نہ کرتا اور مارنے والے کو نہ مارتا۔'' (2)

﴿54﴾...... حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن عباس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا آیت مبارکہ ''وَالْكٰظِمِیْنَ الْغَیْظَ (پ٤، ال عمران: ١٣٤) ترجمۂ کنزالایمان: اور غصے کو

1 ...... مسند البزار، مسند ابی همزه انس بن مالك، الحديث: ٧٢٧٢، ج٢، ص ٣٤٥.

2 ...... جامع الاحاديث للسيوطى، حرف الهمزه مع الياء، الحديث: ٩٤٤٧، ج٣، ص ٤١٠.

www.dawateislami.net

پینے والے۔'' کی تفسیر میں فرماتے ہیں کہ ''اس سے مراد یہ ہے کہ جب کوئی شخص تم سے زبان درازی کرے اورتم اُس کا جواب دینے کی طاقت رکھتے ہو لیکن پھر بھی اپنا غُصّہ پی جاتے ہواوراُسے کوئی جواب نہیں دیتے۔''

لوگوں سے درگزر کرنے کی فضیلت

﴿55﴾......حضرت سیِّدُنا انس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ کے مَحبوب، دانائے غُیوب، مُنزَّہٌ عنِ الْعُیوب صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: قیامت کے دن جب لوگ حساب کے لئے کھڑے ہوں گے تو ایک مُنادِی اعلان کرے گا کہ ''وہ شخص جس کا اجر اللہ عَزَّوَجَلَّ کے ذمۂ کرم پر ہے وہ اٹھے اور جنت میں داخل ہوجائے۔'' پھر دوسری مرتبہ اعلان کرے گا کہ ''وہ شخص جس کا اَجر اللہ عَزَّوَجَلَّ کے ذمۂ کرم پر ہے وہ کھڑا ہو۔'' لوگ پوچھیں گے: ''وہ کون ہے جس کا اجر اللہ عَزَّوَجَلَّ کے ذمۂ کرم پر ہے؟'' مُنادِی کہے گا: ''وہ جو لوگوں سے درگزر کرنے والے تھے۔'' چنانچہ، بے شمار لوگ کھڑے ہوں گے اور بغیر حساب وکتاب جنّت میں داخل ہوجائیں گے۔'' (1)

﴿56﴾......حضرت سیِّدُنا عُقبہ بن عامر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بیان کرتے ہیں کہ میں حُسنِ اَخلاق کے پیکر، مَحبوبِ رَبِّ اَکبر صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سے ملا تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے میرا ہاتھ پکڑ کر ارشاد فرمایا: ''اے عُقبہ! کیا میں تمہیں دنیا وآخرت والوں کے اچھے اَخلاق کے بارے میں نہ بتاؤں؟'' میں

---

(1)......الترغیب والترھیب، کتاب الحدود، باب الترغیب فی العفو عن القاتل، الحدیث:۱۷، ج۳، ص۲۱۱۔

www.dawateislami.net

نے عرض کی: ''ضرور ارشاد فرمایئے۔'' آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''جو تم سے قَطع تَعَلُّقی کرے تم اس سے تَعَلُّق جوڑو، جو تمہیں محروم کرے تم اُسے عطا کرو اور جو تم پر ظُلم کرے تم اُسے مُعاف کردو۔'' (1)

﴿57﴾...... حضرت سیِّدُنا اُبَی بن کَعب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ حُضُور نبیِّ پاک، صاحبِ لولاک صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''جسے یہ پسند ہو کہ اُس کے لئے (جنت میں) محل بنایا جائے اور اُس کے درجات بلند کیے جائیں تو اُسے چاہئے کہ جو اُس پر ظُلم کرے اُسے معاف کردے، جو اُسے محروم کرے اُسے عطا کرے اور جو اُس سے قطع تعلقی کرے اُس سے تَعَلُّق جوڑے۔'' (2)

﴿58﴾...... حضرت سیِّدُنا ابو عبد اللّٰہ جدلی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْوَلِی بیان کرتے ہیں کہ میں نے ام المؤمنین حضرت سیِّدَتُنا عائشہ صدیقہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھَا سے حُضُور نبیِّ کریم، رَءُوْف رَّحیم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے حسنِ اَخلاق کے مُتَعَلِّق پوچھا تو انہوں نے فرمایا: ''آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نہ بری بات کرنے والے، نہ برے کام کرنے والے، نہ بازاروں میں شور مچانے والے اور نہ ہی برائی کا بدلہ بُرائی سے دینے والے تھے بلکہ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم تو مُعاف فرمانے والے اور درگزر فرمانے والے تھے۔'' (3)

---

1 ......المعجم الکبیر، الحدیث: ۷۳۹، ج۱۷، ص۲۶۹.

2 ......المستدرک، کتاب التفسیر، باب تحت آیة: کنتم خیر امة اخرجت للناس، الحدیث: ۳۲۱۵، ج۳، ص۱۲.

3 ......سنن الترمذی، کتاب البر والصلة، باب ماجاء فی خلق النبی، الحدیث: ۲۰۲۳، ج۳، ص۴۰۹.

www.dawateislami.net

﴿59﴾......ام المؤمنین حضرت سیّدتُنا عائشہ صدیقہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا فرماتی ہیں کہ سیّدِعالَم، نُورِ مُجسَّم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے جہاد کے علاوہ کبھی کسی شخص کو اپنے ہاتھ سے نہیں مارا اور نہ ہی کبھی اپنی ذات کی خاطر انتقام لیا۔ ہاں جب کوئی شخص اللہ عَزَّوَجَلَّ کی حرام کردہ چیزوں کا اِرْتِکاب کرتا تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم اللہ عَزَّوَجَلَّ کے لئے اُس سے انتقام لیتے۔ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سے جو سوال کیا گیا آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے اُس سے منع نہیں فرمایا سوائے گناہ کا سبب بننے والی بات کے کیونکہ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم ان معاملات میں لوگوں سے دور رہتے تھے۔ جب بھی آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو دو کاموں کا اختیار دیا گیا تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے آسان کام کو ہی اختیار فرمایا۔" (1)

﴿60﴾......حضرت سیِّدُنا ابو ہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ حُضُور نبیٔ پاک صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: "جو شرمسار کی لغزش کو معاف کرے گا اللہ عَزَّوَجَلَّ قیامت کے دن اس کے گناہوں کو معاف فرمائے گا۔" (2)

﴿61﴾......ام المؤمنین حضرت سیّدتُنا عائشہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا سے روایت ہے کہ حُضُور نبیٔ مُکَرَّم، نُورِ مُجسَّم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: "اہلِ مُرُوَّت (مُ۔رَوّ۔وَت) کی لغزشوں کو معاف کرو جب تک کہ وہ شَرعی سزا کے حقدار نہ ہو جائیں۔" (3)

---

1 ......المسند للامام احمد بن حنبل، مسند عائشہ، الحدیث: ۲۵۰۳۹، ج۹، ص ۴۵۱، بتغیرٍ قلیلٍ.

2 ......مسند البزار، مسند ابی ہریرہ، الحدیث: ۸۹۶۷، ج۲، ص ۴۷۷.

3 ......المسند للامام احمد بن حنبل، مسند عائشہ، الحدیث: ۲۵۵۳۰، ج۹، ص ۵۴۴.

www.dawateislami.net

﴿62﴾......حضرت سیِّدُنا عبد اللہ بن عمر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہُمَا فرماتے ہیں کہ ''مُرَوَّت والوں کو سزا نہ دو جبکہ وہ صالح ہوں۔'' (1)

﴿63﴾......حضرت سیِّدُنا ابو ہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہُ سے روایت ہے کہ رسولِ اَکرم، شاہِ بنی آدم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''صَدَقہ سے مال میں ہرگز کمی نہیں ہوتی۔ جو بندہ درگزر کرتا ہے اللہ عَزَّوَجَلَّ اس کی عزّت بڑھا دیتا ہے اور جو اللہ عَزَّوَجَلَّ کے لیے عاجزی کرتا ہے اللہ عَزَّوَجَلَّ اسے بلندی عطا فرماتا ہے۔'' (2)

﴿64﴾......حضرت سیِّدُنا مروان بن جناح رَحۡمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیۡہ فرماتے ہیں کہ ''دنیا اسی بات پر قائم ہے کہ کوئی شخص بدسلوکی کرنے والے کو مُعاف کردے۔'' (3)

﴿65﴾......حضرت سیِّدُنا میسرہ بن حلبس رَحۡمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیۡہ فرماتے ہیں کہ ''خوشخبری ہے اس شخص کے لئے جو اُس جگہ حق ادا کرے جہاں لوگ حق ادا کرنا نہ جانتے ہوں۔ پس اللہ عَزَّوَجَلَّ اسے اپنی رضا کی مَعرِفَت عطا فرما دیتا ہے یہ ایسا زمانہ ہوتا ہے کہ گمنام رہنے والا ہی نجات پاسکتا ہے۔ ان کے دِل تاریکی کے چراغ ہیں۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ ان کے لئے جنّت کے دروازے کھول دیتا اور انہیں ہر گرد آلود اندھیرے مقام سے نجات عطا فرماتا ہے۔''

---

(1)......فیض القدیر، حرف التاء، تحت الحدیث: ۳۲۲۳، ج۳، ص۲۹۹.

(2)......صحیح المسلم، کتاب البر والصلة، باب الا ستحباب العفو......الخ، الحدیث: ۲۵۸۸، ص۱۳۹۷.

(3)......تاریخ مدینه دمشق لابن عساکر، الرقم۲۱۵۷ الربیع بن یحیی، ج۱۸، ص۸۴.

www.dawateislami.net

مسلمانوں کی خیر خواہی کی فضیلت

﴿66﴾......حضرت سیِّدُنا عبد اللہ بن عمر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا سے روایت ہے کہ حُضُور نبیِّ رحمت، شفیعِ اُمت صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''دین خیر خواہی ہے۔'' صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن نے عرض کی: ''یارَسُوْلَ اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! کس کی؟'' ارشاد فرمایا: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ کی، اس کی کتاب کی، اس کے رسول کی، مسلمانوں کے امام کی اور عام مؤمنین کی۔'' (1)

﴿67﴾......حضرت سیِّدُنا اَنَس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم، رَءُوْفٌ رَّحیم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''مومن ایک دوسرے کے خیر خواہ اور آپس میں مَحبت کرنے والے ہوتے ہیں اگرچہ اُن کے شہر مختلف ہوں اور مُنافِق ایک دوسرے سے دھوکا کرنے والے ہوتے ہیں اگرچہ اُن کے شہر ایک ہی ہوں۔'' (2)

﴿68﴾......حضرت سیِّدُنا بکر بن عبد اللہ مُزنی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں کہ ''اگر میں کسی مسجد میں پہنچوں اور وہ لوگوں سے کھچا کھچ بھری ہو پھر مجھ سے پوچھا جائے کہ ان میں سب سے بہتر شخص کون ہے؟ تو میں سوال کرنے والے سے پوچھوں گا: کیا تم ان میں سب سے زیادہ خیر خواہی کرنے والے کو پہچانتے ہو؟ اگر وہ اُس کو پہچانتا

1 ......صحیح المسلم، کتاب الایمان، باب بیان الدین النصیحۃ، الحدیث: ٥٥، ص ٤٧.

2 ......الترغیب والترھیب، کتاب البیوع، باب الترھیب من الغش والترغیب فی......الخ، الحدیث: ١٢، ج ٢، ص ٣٦١.

www.dawateislami.net

ہوگا تو میں کہوں گا کہ ''یہی سب سے بہتر ہے اور میں یہ بھی جانتا ہوں کہ انہیں دھوکا دینے والا سب سے بدترین شخص ہے۔ مجھے ان کے بہترین شخص پر شر میں مُبتلا ہو جانے کا خوف ہے اور ان کے برے شخص کے نیک ہو جانے کی اُمّید بھی ہے۔''

﴿69﴾ ...... حضرتِ سیِّدُنا انس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ سرکارِ مدینہ، قرارِ قلب وسینہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''تم میں سے کوئی بھی اس وقت تک کامل مومن نہیں ہوسکتا جب تک کہ وہ اپنے مسلمان بھائی کے لئے بھی وہی پسند نہ کرے جو اپنے لئے پسند کرتا ہے۔'' (1)

﴿70﴾ ...... حضرتِ سیِّدُنا معاذ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے میٹھے میٹھے آقا، مکی مدنی مصطفٰے صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سے افضل ایمان کے مُتعلِّق سوال کیا تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''افضل ایمان یہ ہے کہ تو اللہ عَزَّوَجَلَّ کی خاطر مَحبّت رکھے اور اُسی کی خاطر بغض رکھے اور تیری زبان ذِکْرُ اللّٰہ سے تر رہے۔'' پھر عرض کی: ''یا رَسُوْلَ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! اس کے بعد؟'' ارشاد فرمایا: ''لوگوں کے لئے وہی پسند کرو جو اپنے لئے کرتے ہو اور لوگوں کے لئے وہی ناپسند کرو جو اپنے لئے ناپسند کرتے ہو اور اچھی بات کرو یا خاموش رہو۔'' (2)

دِل کی پاکیزگی اور مسلمانوں کے کینہ سے بچنے کی فضیلت

﴿71﴾ ...... حضرتِ سیِّدُنا ابو سعید خُدری رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ

---

1 ...... صحیح المسلم، کتاب الایمان، باب الدلیل علی ان من خصال ...... الخ، الحدیث: ٤٥، ص ٤٢.

2 ...... المسند للامام احمد بن حنبل، حدیث معاذ بن جبل، الحدیث: ۲۲۱۹۳، ج۸، ص ٢٦٦.

www.dawateislami.net

شہنشاہِ مدینہ،قرارِقلب وسینہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشادفرمایا:''میری اُمت کے ابدال جنّت میں (محض) اپنے اعمال کی بنا پر داخل نہ ہوں گے بلکہ وہ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی رحمت، نفس کی سخاوت، دل کی پاکیزگی اور تمام مسلمانوں پر رحیم ہونے کی وجہ سے جنّت میں داخل ہوں گے۔'' (1)

﴿72﴾......حضرت سیِّدُنا انس بن مالک رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بیان کرتے ہیں کہ ہم بارگاہِ رسالت میں حاضر تھے کہ تاجدارِ رِسالت،شہنشاہِ نُبوت صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشادفرمایا:''اس راستے سے تمہارے پاس ایک جنتی شخص آئے گا۔'' اتنے میں ایک انصاری صحابی آئے جن کی داڑھی سے وضو کا پانی ٹپک رہا تھا۔ انہوں نے اپنے جوتے بائیں ہاتھ میں پکڑے ہوئے تھے۔پھرانہوں نے سلام کیا۔ دوسرے دن پھرآپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے یہی ارشادفرمایا تو پھر وہی انصاری صحابی پہلے کی طرح آئے۔تیسرے دن بھی ایسا ہی ہوا۔جب آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم اپنی مجلس سے اٹھے تو حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن عمرو رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اُن صحابی کے پیچھے ہولئے اوراُن سے کہنے لگے:''اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم میں نے اپنے والد سے حیا کی ہے میں 3 دن تک ان کے پاس نہیں جاؤں گا اگر آپ مناسب سمجھیں تو تین دن مجھے اپنے پاس ٹھہرنے کی اجازت عطافرمائیں۔'' انصاری صحابی نے اجازت دے دی۔حضرت سیِّدُنا اَنس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں کہ حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن عمرو رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے انہیں بتایا کہ''میں

(1)...... کنزالعمال، کتاب الفضائل، باب لحوق فی القطب والابدال، الحدیث: ۳۴۵۹۶، ج۱۲، ص۸۵.

www.dawateislami.net

نے تین راتیں اُن کے ساتھ گزاریں لیکن انہیں رات میں عبادت کرتے نہ دیکھا ۔ہاں! جب وہ اپنے بستر پر کروٹ لیتے تو اللہ عَزَّوَجَلَّ کا ذکر اور اس کی کبریائی بیان کرتے یہاں تک کہ نمازِ فجر کے لئے اُٹھ کھڑے ہوتے۔"

حضرت سیِّدُنا عبداللہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں کہ میں نے انصاری صحابی سے اچھی بات کے علاوہ کچھ نہ سنا۔ جب تین دن پورے ہوئے تو قریب تھا کہ میں اُن کے اَعمال کو حقیر جانتا لیکن جب میں نے اُن انصاری صحابی سے کہا: "اے اللہ عَزَّوَجَلَّ کے بندے! میرے اور میرے والد کے درمیان کوئی ناراضی اور جدائی نہیں ہے بلکہ میں نے تو حضور نبیِّ پاک صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو تین بار فرماتے سنا کہ ابھی تمہارے پاس ایک جنّتی شخص آئے گا اور تینوں بار آپ ہی آئے۔ چنانچہ، میں نے پختہ ارادہ کرلیا کہ میں آپ کے پاس ٹھہروں گا اور دیکھوں گا کہ آپ کیا عمل کرتے ہیں تا کہ میں بھی آپ کی پیروی کروں۔ لیکن میں نے آپ کو کوئی بڑی عبادت کرتے نہیں دیکھا تو پھر آپ کیسے اِس بلند مقام تک پہنچے کہ حضور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے آپ کے مُتعلّق یہ بات ارشاد فرمائی؟" انصاری صحابی نے جواب دیا: "اور تو کوئی عمل نہیں بس یہی ہے جو آپ نے دیکھا۔" حضرت سیِّدُنا عبداللہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں کہ یہ بات سن کر جب میں وہاں سے چلنے لگا تو انصاری صحابی نے مجھے آواز دی اور کہا: "میرا کوئی اور عمل نہیں بس یہی ہے جو آپ نے دیکھا۔ اس کے علاوہ میں کسی بھی مسلمان کے لئے اپنے دل میں کھوٹ نہیں پاتا اور جو اللہ عَزَّوَجَلَّ نے کسی کو دیا ہے اُس پر حسد نہیں کرتا۔" حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن عمرو رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں کہ میں نے ان سے کہا:

www.dawateislami.net

''یہی وہ عمل ہے جس نے آپ کو رفعتیں بخشیں اور ہم اِس کی طاقت نہیں رکھتے۔'' (1)

﴿73﴾......حضرت سیِّدُ نامعاویہ بن قُرّہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں کہ ''لوگوں میں افضل ترین وہ ہے جو اُن میں سب سے پاکیزہ سینے والا اور سب سے زیادہ غیبت سے بچنے والا ہے۔'' (2)

﴿74﴾......حضرت سیِّدُ نا کعب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے پوچھا گیا کہ ''سونے والا مغفرت یافتہ اور قیام کرنے والا مشکور کیسے ہوگا؟'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''ایک شخص رات کو قیام کرتا ہے اور اپنے سوئے ہوئے بھائی کے لئے پیٹھ پیچھے دعا کرتا ہے تو اللہ عَزَّوَجَلَّ اُس قیام کرنے والے کی دعا کے سبب اس سونے والے کی مَغْفِرت فرما دیتا ہے اور سونے والے کی خیر خواہی کی وجہ سے قیام کرنے والا اس بات کا مستحق ہوتا ہے کہ اس کا شکریہ ادا کیا جائے۔''

لوگوں میں صلح کرانے کی فضیلت

﴿75﴾......حضرت سیِّدُ نا ابو درداء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ حُضُور نبیِّ پاک، صاحبِ لَوْ لاک صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''کیا میں تمہیں درجہ کے اعتبار سے نماز، روزے اور صَدَقہ سے افضل عمل کے بارے میں نہ بتاؤں؟'' صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِین نے عرض کی: ''کیوں نہیں۔'' آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''آپس کے تعلقات کو اچھا

---

1 ......المصنف لعبدالرزاق، کتاب العلم، باب الرخص و الشدائد، الحدیث: ٤٩٤٤، ج١٠، ص٢٦٠.

2 ......المصنف لابن ابی شیبة، کتاب الزھد، حدیث ابی قلابة، الحدیث: ٨، ج٨، ص٢٥٤.

www.dawateislami.net

کرو کیونکہ نا اتفاقی دین کو مونڈ دینے والی ہے۔'' (1)

ادائیگیٔ حُقُوق کی فضیلت

﴿76﴾......حضرت سیِّدُنا اَنس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ سرکارِ نامدار، مدینے کے تاجدار صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''جس نے اپنی زبان سے کوئی حق پورا کیا تو اس کا اجر بڑھتا رہے گا حتی کہ قیامت کے دن اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اسے اس کا پورا پورا ثواب عطا فرمائے گا۔'' (2)

مظلوم کی مدد کرنے کی فضیلت

﴿77﴾......حضرت سیِّدُنا براء بن عازب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں کہ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کے پیارے حبیب صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ہمیں مظلوم کی مدد کرنے کا حکم دیا۔'' (3)

﴿78﴾......حضرت سیِّدُنا اَنس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ نور کے پیکر، تمام نبیوں کے سَرْوَر صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''اپنے بھائی کی مدد کرو خواہ ظالم ہو یا مظلوم۔'' میں نے عرض کی: ''میں مظلوم کی مدد تو کرسکتا ہوں لیکن ظالم کی مدد کیسے کروں؟'' ارشاد فرمایا: ''اُسے ظُلم سے روکو۔'' (4)

---

(1)......سنن الترمذی، کتاب صفة القیامة، باب ٥٦، الحدیث: ٢٥١٧، ج٤، ص٢٢٨.

(2)......حلیة الاولیاء، الرقم ٣٩٩ عبداللہ بن مبارك، الحدیث: ١١٨٥١، ج٨، ص١٩٢.

(3)......سنن الترمذی، کتاب الادب، باب ماجاء فی کراھیة لبس......الخ، الحدیث: ٢٨١٨، ج٤، ص٣٦٩.

(4)......سنن الترمذی، کتاب الفتن، باب ٦٨، الحدیث: ٢٢٦٢، ج٤، ص١١٢.

www.dawateislami.net

ظالم کو ظُلم سے روکنے کا بیان

﴿79﴾......حضرت سیِّدُ نا قیس بن ابی حازم رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے امیر المؤمنین حضرت سیِّدُ نا ابوبکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ اے لوگو! تم یہ آیتِ مُبارکہ پڑھتے ہو:

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا عَلَیْكُمْ اَنْفُسَكُمْۚ لَا یَضُرُّكُمْ مَّنْ ضَلَّ اِذَا اهْتَدَیْتُمْؕ (پ۷،المائدہ:۱۰۵)

ترجمۂ کنزالایمان: اے ایمان والو! تم اپنی فکر رکھو تمہارا کچھ نہ بگاڑے گا جو گمراہ ہوا جب کہ تم راہ پر ہو۔

(پھر فرمایا) میں نے سرکارِ مکۂ مکرمہ، سردارِ مدینۂ منورہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو ارشاد فرماتے سنا کہ ''جب لوگ ظالم کو دیکھیں اور اسے ظُلم سے نہ روکیں تو قریب ہے کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ ان سب پر عذاب بھیجے۔'' (1)

﴿80﴾......حضرت سیِّدُ نا عبد اللہ بن عمرو رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ دو جہاں کے تاجْوَر، سلطانِ بَحر و بَر صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''جب تم دیکھو کہ میری اُمت ظالم کی تعظیم کر رہی ہے تو تمہارا ظالم کو ظالم کہنا تمہیں اُن سے جدا کر دے گا۔'' (2)

نادان کو روکنے کا بیان

﴿81﴾......حضرت سیِّدُ نا نعمان بن بشیر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ سیِّدُ الْمُبَلِّغِین، رَحْمَۃٌ لِّلْعٰلَمِیْن صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا:

(1)......سنن الترمذی، کتاب التفسیر، باب سورۃ مائدہ، الحدیث:۳۰۶۸، ج۵، ص۴۱.

(2)......المسند للامام احمد بن حنبل، مسند عبد اللہ بن عمرو، الحدیث:۶۷۹۸، ج۲، ص۶۲۱.

www.dawateislami.net

''اپنے نادانوں کو روکے رکھو(1)۔'' (2)

مسلمانوں کی مدد اور ان کی ضرورت پوری کرنے کی فضیلت

﴿82﴾......حضرت سیِّدُنا عبد اللّٰہ بن عمر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا سے روایت ہے کہ شَفِیْعُ الْمُذْنِبِین، اَنِیْسُ الْغَرِیْبِیْن صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''کچھ لوگ ایسے ہیں جنہیں اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ نے لوگوں کی حاجتیں پوری کرنے کے لئے پیدا فرمایا ہے۔ لوگ حاجت کے وقت ان کی طرف رُجُوع کرتے ہیں۔ یہی وہ لوگ ہیں جو قیامت کے دن اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کے عذاب سے محفوظ ہوں گے۔'' (3)

﴿83﴾......حضرت سیِّدُنا سَہل بن سَعد رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ سے روایت ہے کہ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کے مَحبوب، دانائے غُیوب، مُنَزَّہٌ عَنِ الْعُیُوب صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''خَیر اور شَر کے خزانے اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کے پاس ہیں اور ان کی چابیاں انسان ہیں۔ اُس شخص کے لئے خوشخبری ہے جسے اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ نے خَیر کی چابی اور شَر کے لئے تالا بنایا اور ہلاکت ہے اُس کے لئے جسے شَر کی چابی اور خیر

(1)......حضرت سیِّدُنا علامہ عبد الرءوف مناوی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْوَالِی اس حدیث مبارکہ کے تحت فرماتے ہیں کہ ''اس میں خطاب سرپرست کو ہے کہ وہ اپنے ناسمجھ ماتحت کو فضول خرچی سے روکیں''

(فیض القدیر للمناوی، تحت الحدیث: ٣٨٩٤، ج٣، ص٥٧٩، ملخصًا)

(2)......شعب الایمان للبیھقی، باب احادیث فی الامر بالمعروف والنھی عن المنکر، الحدیث: ٧٥٧٧، ج٦، ص٩٢.

(3)......المعجم الکبیر، الحدیث: ١٣٣٣٤، ج١٢، ص٢٧٤.

www.dawateislami.net

کے لئے تالا بنایا۔‘‘ (1)

﴿84﴾......حضرت سیِّدُ نا ابن عباس رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْھُمَا سے روایت ہے کہ حُسنِ اَخلاق کے پیکر، مَحبوبِ رَبِّ اکبر صَلَّی اللّٰہُ تعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ ارشاد فرماتا ہے: ’’میں رب ہوں۔ میں نے خَیر وشر کو مقدر فرما دیا ہے۔ خوشخبری ہے اس کے لئے جس کے ہاتھ میں خَیر کی چابی ہے اور خرابی ہے اس کے لئے جس کے ہاتھ میں شَر کی چابی ہے۔‘‘ (2)

﴿85﴾......حضرت سیِّدُ نا ابوہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ سرکارِ والا تَبار، ہم بے کسوں کے مددگار صَلَّی اللّٰہُ تعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ’’جس نے کسی مومن سے تکلیف و مصیبت کو دور کیا اللہ عَزَّوَجَلَّ اس کے لئے پُل صراط پر نور کے دو ایسے حصّے پیدا فرمائے گا جن کی روشنی سے اتنی مخلوق روشنی حاصل کرے گی جن کی تعداد اللہ عَزَّوَجَلَّ کے سوا کوئی نہیں جانتا۔‘‘ (3)

﴿86﴾......حضرت سیِّدُ نا ابوہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ سیِّد عالَم، نُورِ مُجسَّم صَلَّی اللّٰہُ تعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ’’جو شخص کسی مسلمان کی دنیاوی مصیبت دور کرے گا اللہ عَزَّوَجَلَّ قیامت میں اس کی مصیبت دور فرمائے گا اور جو کسی مسلمان کے عَیب چھپائے گا اللہ عَزَّوَجَلَّ دنیا و آخرت میں اس کے عُیُوب چھپائے گا اور اللہ عَزَّوَجَلَّ اس وقت تک بندے کی مدد کرتا رہتا

---

1 ......المعجم الکبیر، الحدیث: ۵۸۱۲، ج۶، ص ۱۵۰.

2 ......الدر المنثور، سورۃ الانبیاء، تحت الآیہ: ۲۱، ج۵، ص ۶۲۲.

3 ......المعجم الاوسط، الحدیث: ۴۵۰۴، ج۳، ص ۲۵۴.

www.dawateislami.net

ہے جب تک وہ اپنے مسلمان بھائی کی مدد کرتا رہتا ہے۔'' (1)

﴿87﴾......حضرت سیِّدُنا انس بن مالک رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ حُضُور نبیِ پاک صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''مخلوق اللہ عَزَّوَجَلَّ کی پَرْوَرْدَہ ہے (یعنی تمام مخلوق کو وہی پالنے والا ہے) اور اللہ عَزَّوَجَلَّ کو اپنی مخلوق میں سب سے زیادہ محبوب وہ ہے جو اس کے پروردہ کو سب سے زیادہ فائدہ پہنچائے۔'' (2)

﴿88﴾......حضرت سیِّدُنا انس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ حضور نبیِ مُکَرَّم، نُورِ مُجَسَّم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''جس نے مسلمان بھائی کی حاجت روائی کی گویا اُس نے ساری عمر اللہ عَزَّوَجَلَّ کی عبادت کی۔'' (3)

﴿89﴾......حضرت سیِّدُنا ابوموسیٰ اشعری رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ رسولِ اَکرم، شاہِ بنی آدم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''ایک مومن دوسرے مومن کے لئے عمارت کی طرح ہے جس کا بعض حصّہ بعض کو تقویت پہنچاتا ہے۔'' (4)

﴿90﴾......حضرت سیِّدُنا نعمان بن بشیر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ حُضُور نبیِ رحمت، شفیعِ اُمت صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''مؤمنین

---

1. ......صحیح المسلم، کتاب الذکر والدعاء، باب فضل الاجتماع علی تلاوۃ......الخ، الحدیث: ٢٦٩٩، ص ١٤٤٧.
2. ......المسند لابی یعلی الموصلی، الحدیث: ٣٤٦٥، ج ٣، ص ٢٣٢.
3. ......الفردوس بماثور الخطاب، باب المیم، الحدیث: ٦١١١، ج ٢، ص ٢٨٦.
4. ......صحیح البخاری، کتاب المظالم والغصب، باب نصر المظلوم، الحدیث: ٢٤٤٦، ج ٢، ص ١٢٧.

www.dawateislami.net

کی آپس میں رحم، محبت اور صلہ رحمی کرنے کی مثال ایک جسم کی سی ہے کہ جب اس کے کسی عضو کو تکلیف پہنچتی ہے تو پورا جسم بخار اور بے خوابی کا شکار ہو جاتا ہے۔'' (1)

حضرت سیّدُنا سلیمان بن احمد طبرانی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللہِ الْوَالِی فرماتے ہیں کہ میں خواب میں حُضُور نبی کریم، رَءُوف رَّحیم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی زیارت سے مشرف ہوا تو میں نے اس (مذکورہ) حدیث کے مُتَعَلِّق پوچھا تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے تین بار ہاتھ کا اشارہ کر کے فرمایا: ''یہ صحیح ہے۔''

﴿91﴾...... حضرت سیّدُنا ابو ہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے بارگاہِ رسالت میں عرض کی: ''یَارَسُوْلَ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! کونسا عمل افضل ہے؟'' آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''تمہارا اپنے مسلمان بھائی کو خوش کرنا یا اُس کا قرض ادا کر دینا یا اسے کھانا کھلانا۔'' (2)

﴿92﴾...... حضرت سیّدُنا ابو ہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ سرکارِ مدینہ، قرارِ قلب وسینہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''مومن مومن کا آئینہ ہے۔ مومن مومن کا بھائی ہے۔ جہاں بھی ملے اُسے نُقصان سے بچاتا اور پیٹھ پیچھے اس کی حفاظت کرتا ہے۔'' (3)

---

1 ......شرح السنة للبغوی، کتاب البر والصلة، باب تعاون المؤمن وتراحمهم، الحدیث: ٣٣٥٣، ج٦، ص٤٥٣.

2 ......شعب الایمان للبیهقی، باب فی التعاون علی البر والتقوی، الحدیث: ٧٦٧٨، ج٦، ص١٢٣.

3 ......سنن ابی داؤد، کتاب الادب، باب فی النصیحة والحیاطة، الحدیث: ٤٩١٨، ج٤، ص٣٦٥.

www.dawateislami.net

﴿93﴾ ......حضرت سیِّدُنا عبد اللّٰہ بن عمر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡھُمَا سے روایت ہے کہ ایک دن میٹھے میٹھے آقا، مکی مَدَنی مصطفٰے صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیۡھِمۡ اَجۡمَعِیۡن سے اِسْتفسار فرمایا کہ ''مجھے ایسے درخت کے بارے میں بتاؤ جو مسلمان مرد کے مُشابِہ ہوتا ہے اور اس کے پتے نہیں گرتے وہ اپنے رب کے حکم سے ہر وقت پھل دیتا ہے۔'' حضرت سیِّدُنا عبد اللّٰہ بن عمر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡھُمَا فرماتے ہیں کہ میرے دل میں خیال آیا کہ ہو نہ ہو یہ کھجور کا درخت ہے لیکن میں نے امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا ابو بکر صدیق اور امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡھُمَا کی موجودگی میں بولنا مُناسِب خیال نہ کیا۔ جب وہ دونوں بھی نہ بولے تو حُضُور نبیِّ پاک صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے خود ہی ارشاد فرمایا کہ ''وہ کھجور کا درخت ہے۔'' (1)

﴿94﴾ ......حضرت سیِّدُنا اَنَس بن مالک رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہ سے روایت ہے کہ شہنشاہِ مدینہ، قرارِ قلب وسینہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''جو کسی مومن کی مہمان نوازی کرے یا اُس کی حاجات کو اس پر آسان کردے تو اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کے ذمۂ کرم پر ہے کہ جنّت میں اُسے خدام عطا کرے۔'' (2)

کسی کی پریشانی دور کرنے کی فضیلت

﴿95﴾ ......حضرت سیِّدُنا انس بن مالک رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہ سے روایت ہے کہ

(1) ......مسند البزار، مسند عبد اللہ بن عباس، الحدیث: ٥٧١٤، ج٢، ص٢٣٦.

(2) ......حلیۃ الاولیاء، یزید بن ابان رقاشی، الحدیث: ٣١٧٣، ج٣، ص٦٢،

من اضاف مؤمنا بدله من خدم مؤمنا.

www.dawateislami.net

تاجدارِ رِسالت، ماہِ نبوت صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''بے شک اللہ عَزَّوَجَلَّ پریشان حالوں کی مدد کرنے کو پسند فرماتا ہے۔'' (1)

﴿96﴾......حضرت سیِّدُنا انس بن مالک رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ حُضُور نبیِّ پاک، صاحبِ لَولاک صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''جو کسی غمزدہ کی دستگیری کرتا ہے اللہ عَزَّوَجَلَّ اُس کے لئے 73 نیکیاں لکھتا ہے۔ ایک نیکی سے اللہ عَزَّوَجَلَّ اُس کی دنیا وآخرت کو سنوارتا اور باقی نیکیاں اس کے لئے دَرَجات کی بلندی کا سبب بنتی ہیں۔'' (2)

﴿97﴾......حضرت سیِّدُنا ابو سعید خُدری رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بیان کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ ہم سرکارِ نامدار، مدینے کے تاجدار صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے شریک سفر تھے کہ ایک شخص کمزور سی سواری پر سوار ہو کر آیا اور اس نے اپنی سواری کو دائیں بائیں گھمانا شروع کر دیا آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''جس کے پاس زائد سواری ہو وہ اسے دے دے جس کے پاس سواری نہیں اور جس کے پاس بچی ہوئی خُوراک ہو وہ اسے کھلا دے جس کے پاس خوراک نہیں اِسی طرح مال کی مختلف اقسام ذکر فرمائیں حتّٰی کہ ہم نے محسوس کیا کہ بچی ہوئی چیز میں سے کسی کو اپنے پاس رکھ لینے کا حق ہی نہیں ہے۔ (3)

﴿98﴾......حضرت سیِّدُنا ابوذر غفاری رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بیان کرتے ہیں کہ میں

1......المسند لابی یعلی الموصلی، حدیث سعد بن سنان عن انس، الحدیث: ٤٢٨٠، ج٣، ص٤٥٢ .

2......المسند لابی یعلی الموصلی، حدیث سعد بن سنان عن انس، الحدیث: ٤٢٥٠، ج٣، ص٤٤٥ .

3......سنن ابی داؤد، کتاب الزکوۃ، باب فی حقوق المال، الحدیث: ١٦٦٣، ج٢، ص١٧٥ .

www.dawateislami.net

نے بارگاہِ رِسالت میں عرض کی: ''یارَسُوْلَ اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! بندے کو کون سی چیز دوزخ سے نجات دلوائے گی؟'' ارشاد فرمایا: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ پر ایمان لانا۔'' میں نے عرض کی: ''کیا ایمان کے ساتھ کوئی عمل بھی ہے؟'' ارشاد فرمایا: ''بندے کو جو اللہ عَزَّوَجَلَّ نے رزق دیا ہے اس میں سے کچھ نا کچھ صدقہ کرتا رہے۔'' میں نے عرض کی: ''اگر وہ فقیر ہو کہ دینے کے لئے کچھ نہ پاتا ہو تو؟'' ارشاد فرمایا: ''وہ نیکی کی دعوت دے اور بُرائی سے منع کرے۔''

میں نے عرض کی: ''یارَسُوْلَ اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! اگر وہ اچھے طریقے سے گفتگو نہ کرسکتا ہو کہ نیکی کی دعوت دے اور برائی سے منع کرے تو؟'' ارشاد فرمایا: ''کسی جاہل کے ساتھ کوئی نیکی کردے۔'' میں نے عرض کی: ''اگر وہ خود جاہل ہو کسی کے ساتھ بھلائی نہ کرسکتا ہو تو؟'' ارشاد فرمایا: ''وہ مغلوب کی مدد کرے۔'' پھر ارشاد فرمایا: ''کیا تم اپنے بھائی میں کوئی بھلائی نہیں چھوڑنا چاہتے کہ لوگوں سے اذیت کو دور کردے؟'' میں نے عرض کی: ''یارَسُوْلَ اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! کیا ایسا کرنے والا جنّت میں داخل ہو جائے گا؟'' ارشاد فرمایا: ''جو مومن یا مسلمان ان خَصلتوں میں سے کوئی خَصلت اپنائے گا میں اس کا ہاتھ پکڑ کر اسے جنت میں داخل کردوں گا۔'' (1)

کمزوروں کی کفالت کرنے کی فضیلت

﴿99﴾......حضرت سیِّدُنا ابو ہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ کے پیارے حبیب صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''بیوہ

(1)......المعجم الکبیر، الحدیث: ۱٦٥٠، ج۲، ص۱٥٦.

اور مسکین کی کفالت کے لئے کوشش کرنے والا اللہ عَزَّوَجَلَّ کی راہ میں جہاد کرنے والے کی طرح ہے۔'' (1)

﴿100﴾......حضرت سیِّدُنا ابو ہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ نور کے پیکر، تمام نبیوں کے سَرْوَر صَلَّی اللّٰہُ تعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''بیوہ اور مسکین کی کفالت کے لئے کوشش کرنے والا اللہ عَزَّوَجَلَّ کی راہ میں جہاد کرنے والے مجاہد یا اُس شخص کی طرح ہے جو دن کو روزہ رکھتا اور رات کو قیام کرتا ہے۔'' (2)

﴿101﴾......حضرت سیِّدُنا جابر رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ سرکارِ مکۂ مکرمہ، سردارِ مدینۂ منورہ صَلَّی اللّٰہُ تعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''جس نے (کسی مسلمان مُردے کے لئے) قبر کھودی اللہ عَزَّوَجَلَّ جنت میں اس کے لئے گھر بنائے گا اور اُسے قیامت تک اس کا اَجر ملتا رہے گا،......جس نے میت کو غسل دیا وہ گناہوں سے ایسے پاک صاف ہو کر نکلتا ہے جیسا کہ اس دن تھا کہ جس دن اس کی ماں نے اسے جنا تھا،......جس نے میت کو کفن پہنایا اللہ عَزَّوَجَلَّ اسے میت کے کپڑوں کی تعداد کے برابر جنتی لباس پہنائے گا،......جس نے کسی غمزدہ کو تسلی دی اللہ عَزَّوَجَلَّ اسے تقوٰی کا لباس پہنائے گا اور (جب وہ فوت ہو گا تو) ارواح میں اس کی روح پر رحمت نازل فرمائے گا،......جس نے کسی مصیبت زدہ کو تسلی دی اللہ عَزَّوَجَلَّ اسے ایسے دو جنتی حُلّے عطا فرمائے گا کہ جن کی قیمت ساری دُنیا بھی نہیں

1......صحیح البخاری، کتاب النفقات، باب فضل النفقة علی الاهل، الحدیث:٥٣٥٣، ج٣، ص٥١١.

2......المسند للامام احمد بن حنبل، مسند ابی هریرة، الحدیث:٨٧٤٠، ج٣، ص٢٨٥.

www.dawateislami.net

ہوسکتی،...... جو جنازے کے پیچھے چلا یہاں تک کہ تدفین مکمل ہوگئی تو اللہ عَزَّوَجَلَّ اس کے لئے تین قیراط اجر لکھے گا اور ایک قیراط احد پہاڑ سے بڑا ہے،...... جس نے کسی یتیم یا بیوہ کی کَفالت کی اللہ عَزَّوَجَلَّ اسے عرش کے سائے میں جگہ عطا فرمائے گا اور اسے اپنی جنّت میں داخل فرمائے گا،...... جو روزہ رکھے یا مسکین کو کھانا کھلائے اور جنازے کے ساتھ چلے اور مریض کی عیادت کرے تو اسے کوئی گناہ نہ پہنچے گا۔'' (1)

یتیموں کی کفالت کرنے کی فضیلت

﴿102﴾...... حضرت سیِّدُنا سفیان بن عُیَینہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ دو جہاں کے تاجْوَر، سلطانِ بَحر و بَر صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''میں اور یتیم کی کَفالت کرنے والا خواہ وہ یتیم رشتہ دار ہو یا اجنبی جنت میں ایسے ہوں گے۔'' اس کے بعد حضرت سیِّدُنا سفیان بن عیینہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ نے اپنے ہاتھ کی انگلیوں سے اشارہ کیا۔ (2)

﴿103﴾...... حضرت سیِّدُنا ابوہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ سَیِّدُ الْمُبَلِّغِیْن، رَحْمَۃٌ لِّلْعٰلَمِیْن صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''مسلمانوں کے گھروں میں سب سے اچھا گھر وہ ہے جس میں یتیم کے ساتھ اچھا سلوک کیا جاتا ہے اور مسلمانوں کے گھروں میں سے بدترین گھر وہ ہے جس میں

1...... المعجم الاوسط، الحدیث: ۹۲۹۲، ج۶، ص۴۲۹، بدون اجری لہ...... الی...... یوم القیامۃ.

2...... الادب المفرد، باب فضل من یعول یتیما بین ابویہ، الحدیث: ۱۳۳، ص۵۸.

www.dawateislami.net

یتیم کے ساتھ بدسلوکی کی جاتی ہے۔'' پھر آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''میں اور یتیم کی کفالت کرنے والا جنّت میں ایسے ہوں گے۔'' پھر شہادت اور درمیان کی اُنگلی کو جمع فرمادیا۔ (1)

﴿104﴾......حضرت سیِّدُنا ابو موسیٰ اشعری رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ شَفِیْعُ الْمُذْنِبِیْن، اَنِیْسُ الْغَرِیْبِیْن صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''جس دستر خوان پر یتیم ہو شیطان اس دستر خوان کے قریب نہیں جاتا۔'' (2)

﴿105﴾......حضرت سیِّدُنا ابو ہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ کے مَحبوب، دانائے غُیوب، مُنَزَّہٌ عَنِ الْعُیُوب صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''اس ذات کی قسم جس نے مجھے حق کے ساتھ مبعوث فرمایا! اللہ عَزَّوَجَلَّ قیامت کے دن اس شخص کو عذاب نہ دے گا جس نے یتیم پر رحم کیا اور اس کے ساتھ نرمی سے پیش آیا اور اس کی یتیمی اور ضعیفی پر رحم کیا اور اللہ عَزَّوَجَلَّ نے اپنے فضل سے اسے جو وافر مال عطا فرمایا وہ اس کے سبب اپنے پڑوسی پر تکبُّر نہ کیا۔'' (3)

﴿106﴾......حضرت سیِّدُنا ابو اُمامہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ حُسنِ اَخلاق کے پیکر، مَحبوبِ رَبِّ اَکبر صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''جو کسی یتیم کے سر پر ہاتھ پھیرتا ہے اللہ عَزَّوَجَلَّ اسے ہر بال کے بدلے ایک نیکی

1 ......الادب المفرد، باب خیر بیت بیت فیه......الخ، الحدیث: ۱۳۷، ص ۵۸.

2 ......مجمع الزوائد، کتاب البر والصلة، باب ماجاء فی الایتام والارامل والمساکین، الحدیث: ۱۳۵۱۲، ج۸، ص ۲۹۳، مفهومًا.

3 ......المعجم الاوسط، الحدیث: ۸۸۲۸، ج۶، ص ۲۹۶.

www.dawateislami.net

عطا فرماتا ہے اور جس کی کَفالت میں یتیم لڑکا یا لڑکی ہو خواہ وہ یتیم رشتہ دار ہو یا اجنبی تو میں اور وہ جنت میں اس طرح ہوں گے۔'' پھر آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے انگوٹھے اور شہادت کی انگلی کو ملا دیا۔ (1)

﴿107﴾...... حضرت سیِّدُنا ابو ہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے بارگاہِ رسالت میں دل کی سختی کی شکایت کی تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''اگر تم اپنے دل کو نرم کرنا چاہتے ہو تو مسکینوں کو کھانا کھلاؤ اور یتیموں کے سروں پر شفقت سے ہاتھ پھیرو۔'' (2)

﴿108﴾...... حضرت سیِّدُنا مالک بن عمرو قشیری رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ خَاتَمُ الْمُرْسَلِیْن، رَحْمَۃٌ لِّلْعٰلَمِیْن صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''جو کسی مسلمان یتیم کی کَفالت کرے یہاں تک کہ وہ یتیم اس سے بے نیاز ہو جائے تو اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ یقیناً اس کے لئے جنّت واجب فرما دیتا ہے۔'' (3)

﴿109﴾...... حضرت سیِّدُنا جبر انصاری عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ ایک لڑکے نے سرکارِ والا تَبار، ہم بے کسوں کے مددگار صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو مسجد میں دیکھا تو عرض کی: ''یَارَسُوْلَ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! آپ پر سلام ہو۔ میں ایک یتیم مسکین لڑکا ہوں اور میری غریب محتاج والدہ ہے جو کچھ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ نے آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو عطا فرمایا ہے اس میں سے

---

1 ......شعب الایمان للبیھقی، باب فی رحم الصغیر و توقیر الکبیر، الحدیث: ۱۱۰۳۶، ج۷، ص ۴۷۲، بتغیرٍ قلیلٍ.

2 ......شعب الایمان للبیھقی، باب فی رحم الصغیر و توقیر الکبیر، الحدیث: ۱۱۰۳۴، ج۷، ص ۴۷۲.

3 ......المعجم الکبیر، الحدیث: ۶۶۹، ج۱۹، ص ۳۰۰.

www.dawateislami.net

تھوڑا سا ہمیں بھی عطا فرمایئے! اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ آپ کی رضا چاہتا ہے یہاں تک کہ آپ راضی ہوجائیں۔'' حُضُور نبیٔ پاک صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''اے لڑکے اپنی بات دہراؤ تمہاری زبان پر تو فرشتہ بولتا ہے۔'' اس نے اپنے کلام کو دہرایا۔ پھر آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''جو کچھ آلِ رسول کے گھر میں ہے لے آؤ۔''

چنانچہ، ایک لپ (اناج وغیرہ کا) پیش کیا گیا جو ایک مٹھی سے زیادہ اور دو سے کم تھا۔ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''اے لڑکے! یہ لے جاؤ! اس میں تمہارے اور تمہاری والدہ اور بہن کے لئے دوپہر اور رات کا کھانا ہے۔ میں اس میں برکت کی دُعا سے تمہاری مدد کرتا رہوں گا۔'' چنانچہ، وہ لڑکا وہاں سے رخصت ہوکر جب مَسجِد کے دروازے پر پہنچا تو اس کا سامنا حضرت سیِّدُنا سَعد بن ابی وقاص رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے ہوا آپ نے اس کے سر پر دستِ شفقت پھیرا۔ راوی فرماتے ہیں یہ معلوم نہیں کہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اسے کچھ عطا کیا یا نہیں؟ جب آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بارگاہِ رسالت میں حاضر ہوئے تو حُضُور سرورِ کونین صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''جب تم یتیم سے ملے تھے کیا میں نے تمہیں اس کے سر پر ہاتھ پھیرتے نہیں دیکھا؟'' حضرت سیِّدُنا سَعد بن ابی وقاص رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے عرض کی: ''کیوں نہیں۔'' آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''جس بال پر تمہارا ہاتھ گزرا اس کے بدلے میں تمہارے لئے نیکی ہے۔''

اس حدیث سے مَعْلُوم ہوا کہ یتیم کے سر پر ہاتھ پھیرنا مستحب ہے۔

www.dawateislami.net

لاوارث بچوں کی تربیت اور ان کے بڑے ہونے تک اُن پر خرچ کرنے کی فضیلت

﴿110﴾......ام المؤمنین حضرت سیّدتُنا عائشہ صدیقہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا سے روایت ہے کہ سیّدِ عالَم، نُورِ مُجسَّم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''جس نے کسی بچے کی پرورش کی یہاں تک کہ وہ ''لَااِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ'' کہنا شروع کردے تو اللہ عَزَّوَجَلَّ اس شخص سے حساب نہ لے گا(1)۔'' (2)

حُسنِ سلوک کی فضیلت

﴿111﴾......حضرت سیّدُنا عبداللہ بن یزید خطمی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ رحمتِ عالَم، نُورِ مُجسَّم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''ہر بھلائی صَدَقہ ہے۔'' (3)

﴿112﴾......حضرت سیّدُنا عبداللہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ حُضُورِ نبیِّ مُکَرَّم، نُورِ مُجسَّم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''ہر بھلائی صَدَقہ ہے خواہ غنی کے ساتھ ہو یا فقیر کے ساتھ۔'' (4)

---

(1)......حضرت سیّدُنا علامہ عبدالرء وف مناوی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْوَالِی اس حدیث مبارکہ کے تحت فرماتے ہیں کہ ''یہ حدیث اپنی اولاد اور غیر کی یتیم اولاد وغیرہ سب کو شامل ہے۔''

(فیض القدیر، تحت الحدیث: ۸۶۹۶، ج۶، ص۱۷۴)

(2)......المعجم الاوسط، الحدیث: ۴۸۶۵، ج۳، ص۳۷۰.

(3)......المسند للامام احمد بن حنبل، حدیث عبداللہ بن یزید خطمی انصاری، الحدیث: ۱۸۷۶۶، ج۶، ص۴۵۴.

(4)......المعجم الکبیر، الحدیث: ۱۰۰۴۷، ج۱۰، ص۹۰.

www.dawateislami.net

﴿113﴾......حضرت سیِّدُنا ابوموسیٰ اَشعری رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ رسولِ اَکرم، شاہِ بنی آدم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''نیکی اور بدی کو لوگوں کے لئے پیدا کیا گیا ہے۔ بروزِ قیامت انہیں کھڑا کیا جائے گا۔ نیکی اپنے کرنے والوں کو بشارتیں دے گی اور اُن سے بھلائی کا وعدہ کرے گی جبکہ برائی کہے گی دور ہو جاؤ مگر وہ اس کی طاقت نہیں رکھیں گے بلکہ بُرائی کے ساتھ چمٹیں گے۔ (1)

﴿114﴾......حضرت سیِّدُنا ابوہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ حُضُور نبیٔ رحمت، شفیعِ اُمت صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''دنیا میں نیکی کرنے والے آخرت میں بھی نیکی والے ہوں گے اور دُنیا میں برائی کرنے والے آخرت میں بھی برائی والے ہوں گے۔'' (2)

﴿115﴾......حضرت سیِّدُنا ابوہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ حُضُور نبیٔ کریم، رَءُوف رَّحیم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''تمہیں مَعلُوم ہے شیر دھاڑتے وقت کیا کہتا ہے؟'' صحابہ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن نے عرض کی: ''اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اور اس کے رسول صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم بہتر جانتے ہیں۔'' آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''شیر کہتا ہے: اے اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ! مجھے کسی نیک شخص پر مُسَلَّط نہ فرمانا۔'' (3)

---

1 ......المسند للامام احمد بن حنبل، حدیث ابی موسی اشعری، الحدیث: ١٩٥٠٤، ج٧، ص١٢٣.

2 ......المعجم الاوسط، الحدیث: ١٥٦، ج١، ص١٥٦.

3 ......الفردوس بماثور الخطاب، باب التاء، الحدیث: ٢١٥٥، ج١، ص٢٩٧.

www.dawateislami.net

﴿116﴾......حضرت سیِّدُنا جابر بن عبداللہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ سرکارِ مدینہ، قرارِ قلب وسینہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ”صَدَقہ اگرچہ 70 ہزار ہاتھوں میں سے گزرے تو بھی آخری شخص کا اَجر پہلے صَدَقہ کرنے والے کے برابر ہوگا۔“ (1)

﴿117﴾......حضرت سیِّدُنا ابوہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ میٹھے میٹھے آقا، مکی مدنی مصطفٰے صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ”ہر روز طلوعِ آفتاب کے بعد انسان کے ہر جوڑ پر صَدَقہ ہے۔ اگر تم دو بندوں کے درمیان انصاف سے فیصلہ کرو تو یہ صَدَقہ ہے۔ اگر تم سواری پر سوار ہونے میں کسی کی مدد کرو تو یہ بھی صَدَقہ ہے۔ اگر کسی کا سامان سواری پر رکھوا دو تو یہ بھی صَدَقہ ہے۔ اچھی بات کرنا بھی صَدَقہ ہے۔ ہر قدم جو نماز کی طرف اٹھے صَدَقہ ہے اور راستے سے تکلیف دہ چیز ہٹا دینا بھی صَدَقہ ہے۔“ (2)

﴿118﴾......حضرت سیِّدُنا اُبی بن کَعب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں کہ شہنشاہِ مدینہ، قرارِ قلب وسینہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم میرے قریب سے گزرے، میرے ساتھ ایک شخص تھا۔ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے دریافت فرمایا: ”اے اُبی! یہ کون ہے؟“ میں نے عرض کی: ”یہ میرا مقروض ہے۔ میں اس سے قرض کا تقاضہ کر رہا ہوں۔“ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ”اے اُبی! اس سے اچھا سلوک کرو۔“ یہ فرمانے کے بعد آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ

---

1 ......الفردوس بماثور الخطاب، باب اللام، فصل لو، الحدیث: ۵۱۲۸، ج۲، ص۱۹۹.

2 ......صحیح المسلم، کتاب الزکوۃ، باب بیان ان اسم الصدقة......الخ، الحدیث: ۱۰۰۹، ص۵۰۴.

www.dawateislami.net

وَسَلَّم اپنے کسی کام سے تشریف لے گئے۔ جب دوبارہ میرے پاس سے گزرے تو وہ شخص میرے ساتھ نہ تھا۔ استفسار فرمایا: ''اے اُبَی! تم نے اپنے مقروض بھائی کے ساتھ کیا سلوک کیا؟'' میں نے عرض کی: ''یارَسُوْلَ الله صَلَّی اللهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! وہ قرض ادا نہیں کرسکتا تھا۔ چنانچہ میں نے اپنے مال کا ایک تہائی حصہ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی خاطر، ایک تہائی آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی خاطر اور باقی ایک تہائی اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی طرف سے مجھے عقیدہ توحید کی توفیق ملنے کے سبب معاف کردیا۔'' آپ صَلَّی اللهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے (خوش ہوکر) تین بار ارشاد فرمایا: ''اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ تم پر رحم کرے ہمیں اسی چیز کا حکم دیا گیا ہے۔''

پھر ارشاد فرمایا: ''اے اُبَی! بے شک اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ نے اپنی مخلوق میں سے کچھ لوگوں کو بھلائی کا سبب بنایا ہے۔ بھلائی اور بھلائی کے کاموں کو ان کا محبوب بنا دیا۔ بھلائی کے حریصوں پر بھلائی کا طلب کرنا آسان فرمادیا اور ان پر عطا کی بارش برسائی۔ لہٰذا خیر طلب کرنے والوں کی مثال اس بارش کی سی ہے جو اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ نے بنجر و قحط زدہ زمین پر برسائی اس کے سبب سے زمین اور اہلِ زمین کو زندگی بخشی اور بے شک اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ نے مخلوق میں اچھائی کے دشمن بھی پیدا فرمائے ہیں۔ پھر بھلائی اور بھلائی کے کاموں کو ان کے لئے ناپسندیدہ بنادیا اور انہیں بھلائی طلب کرنے سے روک دیا ان کی مثال اس بارش کی سی ہے جسے اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ نے قحط زدہ زمین پر برسنے سے روک دیا اور اس کے سبب زمین اور اہل زمین کو ہلاک فرمادیا۔'' (1)

---

1 ......الموسوعة لابن ابی الدنيا، كتاب قضاء الحوائج، باب فی فضل المعروف، الحديث: ٤، ج ٤، ص ١٤١.

www.dawateislami.net

اچھے اَعمال کرنے کی فضیلت

﴿119﴾......حضرتِ سیِّدُنا جابر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ تاجدارِ رِسالت، شہنشاہِ نَبوت صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''بے شک اللہ عَزَّوَجَلَّ نے مجھے حُسنِ اَخلاق اور اچھے اَعمال کو کمال تک پہنچانے کے لئے مبعوث فرمایا ہے۔'' (1)

﴿120﴾......حضرتِ سیِّدُنا جابر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ حُضُور نبیٔ پاک، صاحبِ لَولاک صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''بے شک اللہ عَزَّوَجَلَّ اچھے اور اعلیٰ کاموں کو پسند اور بُرے کاموں کو ناپسند فرماتا ہے۔'' (2)

﴿121﴾......حضرتِ سیِّدُنا عثمان بن عفان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ سرکارِ نامدار، مدینے کے تاجدار صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ کے لئے 117 اَخلاق ہیں۔ جو بندہ ان میں سے کسی ایک کو اپنائے گا اللہ عَزَّوَجَلَّ اسے ضرور جنّت میں داخل فرمائے گا۔'' (3)

﴿122﴾......حضرتِ سیِّدُنا ابو سعید خدری رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ کے پیارے حبیب صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ کے حُضُور ایک لوح ہے جس پر 315 اَخلاق ہیں۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ ارشاد فرماتا ہے جو ان میں سے کسی ایک پر عَمَل کرے اور میرے ساتھ کسی کو

---

1 ......المعجم الاوسط، الحدیث: ۶۸۰۵، ج۵، ص۱۵۳.

2 ......شعب الایمان للبیھقی، باب فی حسن الخلق، الحدیث: ۸۰۱۲، ج۶، ص۲۴۱.

3 ......مسند ابی داؤد طیالسی، الجزء الاول، حدیث عثمان بن عفان، ص۱۴.

www.dawateislami.net

شریک نہ ٹھہرائے تو میں اسے جنّت میں داخل کروں گا۔" (1)

﴾123﴿......مروی ہے کہ نور کے پیکر، تمام نبیوں کے سَرْوَر صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: "ایمان کے 333 اَوصاف ہیں۔ جو ان میں سے کسی ایک پر بھی عمل کرے گا جنّت میں داخل ہوگا۔" (2)

مسلمان پر ظُلم کرنے کی مذمت

﴾124﴿......حضرت سیِّدُنا عُقْبہ بن عامر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ سرکارِ مکۂ مکرمہ، سردارِ مدینۂ منورہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: "جب تم دیکھو کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ کسی بندے کو گناہوں کے باوجود (نعمتیں) عطا فرما رہا ہے تو یہ اللہ عَزَّوَجَلَّ کی طرف سے اس کے لئے ڈھیل (یعنی مہلت) ہے۔" پھر آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے یہ آیاتِ مُبارکہ تلاوت فرمائیں:

فَلَمَّا نَسُوْا مَا ذُكِّرُوْا بِهٖ فَتَحْنَا عَلَیْهِمْ اَبْوَابَ كُلِّ شَیْءٍؕ حَتّٰۤى اِذَا فَرِحُوْا بِمَاۤ اُوْتُوْۤا اَخَذْنٰهُمْ بَغْتَةً فَاِذَا هُمْ مُّبْلِسُوْنَ ﴿۴۴﴾ فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِیْنَ

ترجمۂ کنزالایمان: پھر جب انہوں نے بھلا دیا جو نصیحتیں ان کو کی گئی تھیں ہم نے ان پر ہر چیز کے دروازے کھول دیئے۔ یہاں تک کہ جب خوش ہوئے اس پر جو انہیں ملا تو ہم نے اچانک انہیں پکڑ لیا اب وہ آس ٹوٹے رہ گئے تو جڑ کاٹ دی گئی ظالموں کی اور

---

(1)......عمدة القاری شرح صحیح البخاری، کتاب الایمان، باب امور الایمان، تحت الحدیث: ٩، ج١، ص١٩٦.

(2)......معرفة الصحابة لابی نعیم، الرقم ١٩٤٣ عبید ابو عبد الرحمن، الحدیث: ٤٨٠٦، ج٣، ص٣٢٨.

www.dawateislami.net

ظَلَمُوۡا ؕ وَ الۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ ﴿۴۵﴾ (پ٧،الانعام:٤٤،٤٥) سب خوبیوں سراہا اللہ رب سارے جہاں کا۔ (1)

﴿125﴾......حضرت سیِّدُنا عمار بن یاسر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ فرماتے ہیں کہ ”اللہ عَزَّوَجَلَّ کی رحمت سے مایوس ہونا اس کی مدد سے نا امید ہونا اور اس کی خفیہ تدبیر سے بے خوف ہونا بڑے کبیرہ گناہوں میں سے ہے۔“ (2)

﴿126﴾......حضرت سیِّدُنا خزیمہ بن ثابت رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ سے مروی ہے کہ دو جہاں کے تاجْوَر، سلطانِ بَحر و بَر صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: مظلوم کی بددُعا سے بچو کہ یہ آسمانوں پر اُٹھائی جاتی ہے اور اللہ عَزَّوَجَلَّ ارشاد فرماتا ہے: ”(اے مظلوم!) مجھے اپنی عزّت وجلال کی قسم میں تیری مدد ضرور کروں گا اگرچہ کچھ تاخیر سے ہو۔“ (3)

﴿127﴾......حضرت سیِّدُنا ابو ہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ سے روایت ہے کہ سَیِّدُ الْمُبَلِّغِیْن، رَحْمَۃٌ لِّلْعٰلَمِیْن صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ”مظلوم کی بددعا سے بچو اگرچہ وہ کافر ہی کیوں نہ ہو کیونکہ اس کا کُفْر تو اس کی اپنی جان پر ہے۔“ (4)

1......المسند للامام احمد بن حنبل، حدیث عقبہ بن عامر جھنی، الحدیث:١٧٣١٢، ج٦، ص١٢٢.

2......شعب الایمان للبیھقی، باب فی الرجاء من اللہ، الحدیث:١٠٥٠، ج٢، ص٢٠.

3......المعجم الکبیر، الحدیث:٣٧١٨، ج٤، ص٨٤.

4......الترغیب والترھیب، کتاب القضاء، باب الترھیب من الظلم......الخ، الحدیث:٣٤١٥، ج٣، ص١٤٢، بتغیرٍ قلیلٍ.

www.dawateislami.net

﴿128﴾......حضرت سیِّدُنا جابر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ شَفِیْعُ الْمُذْنِبِیْن، اَنِیْسُ الْغَرِیْبِیْن صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''ظُلم بروزِ قیامت اندھیرا ہوگا۔'' (1)

﴿129﴾......حضرت سیِّدُنا ابن عباس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کے مَحبوب، دانائے غُیوب، مُنَزَّہٌ عَنِ الْعُیُوب صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا کہ ''تمہارا رب عَزَّوَجَلَّ ارشاد فرماتا ہے: ''مجھے اپنی عزت وجلال کی قسم میں ظالم سے ضرور بدلہ لوں گا جلد یا تاخیر سے اور اس سے بھی ضرور اِنتقام لوں گا جس نے مظلوم کو دیکھا لیکن باوجودِ قدرت اس کی مدد نہ کی۔'' (2)

مسلمان بھائی کی جائز سفارش کرنے کی فضیلت

﴿130﴾......حضرت سیِّدُنا ابوموسیٰ اشعری رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ حُسنِ اَخلاق کے پیکر، مَحبوبِ رَبِّ اَکبر صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''جب کوئی حاجت مند آئے تو اس کی سفارش کیا کرو تاکہ تمہیں اَجر ملے اور اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ جو چاہے اپنے نبی کی زبان سے فیصلہ جاری کروائے۔'' (3)

﴿131﴾......حضرت سیِّدُنا سَمُرہ بن جُندب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ خَاتَمُ الْمُرْسَلِیْن، رَحْمَۃٌ لِّلْعٰلَمِیْن صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے

---

1 ......صحیح المسلم، کتاب البر والصلة، باب تحریم الظلم، الحدیث: ۲۵۷۸، ص ۱۳۹٤.

2 ......المعجم الاوسط، الحدیث: ٣٦، ج ١، ص ٢٠.

3 ......صحیح البخاری، کتاب الزکوٰۃ، باب التحریض علی الصدقة والشفاعة فیها، الحدیث: ١٤٣٢، ج ١، ص ٤٨٣.

www.dawateislami.net

ارشاد فرمایا: ''سب سے افضل صَدَقہ زبان کا صَدَقہ ہے۔'' صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْھِمْ اَجْمَعِیْن نے عرض کی: ''یَارَسُوْلَ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! زبان کا صَدَقہ کیا ہے؟'' ارشاد فرمایا: ''تمہاری وہ سفارش جس سے کسی قیدی کو رہائی دلادو، کسی کی جان بچالو اور کوئی بھلائی اپنے بھائی کی طرف بڑھادو اور اس سے کوئی مصیبت دور کردو۔'' (1)

﴿132﴾......ام المؤمنین حضرت سیِّدَتُنا عائشہ صدیقہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھَا سے روایت ہے کہ سرکارِ والا تبار، ہم بے کسوں کے مددگار صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''جو اپنے مسلمان بھائی کے کسی نیکی کے کام میں یا کسی مشکل کو آسان کرنے میں بادشاہ کے ہاں واسطہ بنے تو اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ پل صراط کو پار کرنے میں کہ جس دن قدم ڈگمگا رہے ہوں گے اس کی مدد فرمائے گا۔'' (2)

﴿133﴾......حضرت سیِّدُنا ابوسعید خُدری رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ سیِّدِ عالَم، نُورِ مُجَسَّم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''ظالم حاکم کے سامنے حق بات کہنا بہت بڑا جہاد ہے۔'' (3)

❁❁❁❁❁❁❁

1 ......شعب الایمان، باب فی تعاون علی البر والتقوی، الحدیث: ٧٦٨٣-٧٦٨٣، ج٦، ص١٢٤.

2 ......المعجم الاوسط، الحدیث: ٣٥٧٧، ج٢، ص٣٧٤.

3 ......سنن الترمذی، کتاب الفتن، باب ماجاء افضل الجهاد، الحدیث: ٢١٨١، ج٤، ص٧٢، کلمة حق بدله عدل.

www.dawateislami.net

مسلمان کی عزّت کا تحفظ اور اس کی مدد کرنے کی فضیلت

﴿134﴾......حضرت سیِّدُنا ابو درداء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ رحمتِ عالَم، نُورِ مُجسَّم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''جو بھی اپنے مسلمان بھائی کی عزّت کی حفاظت کرتا ہے اللہ عَزَّوَجَلَّ قیامت کے دن جہنم کی آگ سے اس کی حفاظت فرمائے گا۔'' پھر آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے آیتِ مُبارکہ تلاوت فرمائی:

وَكَانَ حَقًّا عَلَيْنَا نَصْرُ الْمُؤْمِنِينَ ۝٤٧ ترجمۂ کنزالایمان: اور ہمارے ذمۂ کرم پر ہے مسلمانوں کی مدد فرمانا۔ (پ ٢١، الروم: ٤٧) (1)

﴿135﴾......حضرت سیِّدُنا عمران بن حُصین رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ حضور نبیِّ مُکَرَّم، نُورِ مُجسَّم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''جو اپنے بھائی کی مدد کرنے کی طاقت رکھتا ہو اور غیر موجودگی میں اس کی مدد کرے تو اللہ عَزَّوَجَلَّ دنیا و آخرت میں اس کی مدد فرمائے گا۔'' (2)

﴿136﴾......حضرت سیِّدُنا اَنَس بن مالک رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ رسولِ اَکرم، شاہِ بنی آدم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''جو

---

1 ......مشکوۃ المصابیح، کتاب الآداب، باب الشفقۃ و الرحمۃ علی الخلق، الحدیث: ٤٩٨٢، ج٢، ص ٢١٥.

2 ......البحر الزخار المعروف بمسند البزار، مسند عمران بن حصین، الحدیث: ٣٥٤٢، ج٩، ص ٣١.

www.dawateislami.net

اپنے بھائی کی غیر موجودگی میں اس کی مدد کرے تو اللہ عَزَّوَجَلَّ دنیا و آخرت میں اس کی مدد فرمائے گا۔'' (1)

﴿137﴾......حضرت سیِّدُنا جابر بن عبد اللّٰہ اور حضرت سیِّدُنا ابو طلحہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا سے روایت ہے کہ حُضُور نبیِّ رحمت، شفیعِ اُمت صَلَّی اللّٰہُ تعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''جو کسی مسلمان کی ایسی جگہ مدد کرنا چھوڑ دیتا ہے جہاں اس کی بے عزتی ہو رہی ہو تو اللہ عَزَّوَجَلَّ اس شخص کی مدد بھی ایسی جگہ نہیں فرماتا جہاں وہ مدد کا طلب گار ہوتا ہے اور جو کسی مسلمان کی ایسی جگہ مدد کرتا ہے جہاں اس کی بے عزتی ہو رہی ہو اور اس کی آبرو ریزی کی جا رہی ہو تو اللہ عَزَّوَجَلَّ اس (مددگار) کی ایسی جگہ مدد فرماتا ہے جہاں وہ مدد کا طلب گار ہوتا ہے۔'' (2)

﴿138﴾......حضرت سیِّدُنا سہل بن معاذ بن انس جُھَنِی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حُضُور نبیِّ کریم، رَءُوفٌ رَّحیم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''جس نے کسی مسلمان (کی عزت) کو اس منافق سے بچایا جو پیٹھ پیچھے اس کی برائی کر رہا تھا تو اللہ عَزَّوَجَلَّ (بروز قیامت) اس کی طرف ایک فرشتہ بھیجے گا جو اسے جہنم کی آگ سے بچائے گا اور جس نے کسی مسلمان کو ذلیل ورسوا کرنے کے لئے کوئی بات کی اللہ عَزَّوَجَلَّ اسے جہنم کے پل پر روکے رکھے گا یہاں تک کہ اپنی کہی ہوئی بات سے نکلے (یعنی اس پر کوئی دلیل لے آئے)۔'' (3)

1 ......شعب الایمان للبیھقی، باب فی التعاون علی البر والتقوی، الحدیث: ٧٦٣٧، ج٦، ص ١١١.

2 ......سنن ابی داؤد، کتاب الادب، باب من ردعن مسلم غیبة، الحدیث: ٤٨٨٤، ج٤، ص ٣٥٥.

3 ......المعجم الکبیر، الحدیث: ٤٣٣، ج ٢٠، ص ١٩٤.

www.dawateislami.net

لوگوں سے مَحبّت کرنے کی فضیلت

﴿139﴾ ......حضرت سیِّدُنا ابو ہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ سرکارِ مدینہ، قرارِ قلب وسینہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''ایمان کے بعد سب سے افضل عمل لوگوں سے محبت کرنا ہے۔'' (1)

﴿140﴾ ......حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن عمر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا سے روایت ہے کہ میٹھے میٹھے آقا، مکی مدنی مصطفٰے صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''میانہ روی سے خرچ کرنا نصف معیشت، لوگوں سے محبت کرنا نصف عقل اور اچھا سوال کرنا آدھا علم ہے۔'' (2)

﴿141﴾ ......حضرت سیِّدُنا جابر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ شہنشاہِ مدینہ، قرارِ قلب وسینہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''لوگوں سے خوش اخلاقی سے ملنا صدقہ ہے۔'' (3)

راہِ خُدا کے لشکروں کی مدد کرنے کی فضیلت

﴿142﴾ ......حضرت سیِّدُنا زید بن خالد رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں کہ ''جس نے مجاہد کو سامان وغیرہ مہیا کیا اس کا اجر بھی مجاہد کی طرح ہے اور جس نے مجاہد کے گھر والوں کی دیکھ بھال کی اس کا اَجر بھی مجاہد کی مثل ہے۔'' (4)

---

1 ......جامع الاحادیث للسیوطی، حرف الهمزه مع الفاء، الحدیث: ٣٤٩٥، ج٢، ص١٣.

2 ......شعب الایمان للبیهقی، باب فی الاقتصادفی النفقة......الخ، الحدیث: ٦٥٦٨، ج٥، ص٢٥٤.

3 ......شرح صحیح البخاری لابن بطال، کتاب الادب، باب المدارة مع الناس، ج٩، ص٣٠٥.

4 ......صحیح ابن حبان، کتاب السیر، باب فضل الجهاد، فصل ذکر البیان بان قوله فقدغزا......الخ، الحدیث: ٤٦١٣، ج٧، ص٧١.

www.dawateislami.net

﴿143﴾......حضرت سیِّدُنا زید بن خالد رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنہ سے روایت ہے کہ تاجدارِ رِسالت، شہنشاہِ نَبوت صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''جس نے مجاہد کو جہاد میں جانے کے لئے زادِ راہ مہیا کیا تو بے شک اس نے (خود) جہاد کیا اور جس نے مجاہد کے گھر والوں کی اچھی طرح دیکھ بھال کی تو اسے بھی جہاد کرنے والے کی مثل ثواب ملے گا۔'' (1)

حاجی کی مدد کرنے اور روزہ افطار کرانے کی فضیلت

﴿144﴾......حضرت سیِّدُنا زید بن خالد رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنہ سے روایت ہے کہ حُضُور نبیِّ پاک، صاحبِ لَولاک صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''جس نے روزہ افطار کروایا یا مجاہد کو جہاد میں جانے کے لئے زادِ راہ مہیا کیا تو اسے بھی (روزے اور جہاد کا) ثواب ملے گا اور اُن کے اجر میں بھی کمی واقع نہ ہوگی۔'' (2)

﴿145﴾......حضرت سیِّدُنا جابر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنہ سے روایت ہے کہ سرکارِ نامدار، مدینے کے تاجدار صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ ایک حج کے سبب تین لوگوں کو جنّت میں داخل فرمائے گا: (۱) میت (۲) اس کی طرف سے حج کرنے والا اور (۳) وصیت پوری کرنے والا۔'' (3)

---

1 ......صحیح المسلم، کتاب الامارہ، باب فضل اعانۃ الغازی......الخ، الحدیث: ۱۸۹۵، ص ۱۰۵۰.

2 ......المصنف لابن ابی شیبہ، کتاب الجہاد، باب ماذکر فی فضل الجہاد......الخ، الحدیث: ۲۵۱، ج ٤، ص ۵۹۹.

3 ......السنن الکبری للبیہقی، کتاب الحج، باب النیابۃ فی الحج......الخ، الحدیث: ۹۸۵۵، ج ۵، ص ۲۹۳.

www.dawateislami.net

﴿146﴾......حضرت سیِّدُنا سلمان فارسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ کے پیارے حبیب صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''جو حلال کمائی سے کسی روزے دار کو افطار کروائے تو ملائکہ پورا رمضان اس کے لئے دعائے مُغْفِرَت کرتے رہتے ہیں اور شبِ قدر میں حضرت جبرائیل امین عَلَیْہِ السَّلام اس سے مُصَافَحہ فرمائیں گے اور جس شخص سے حضرت جبرائیل امین عَلَیْہِ السَّلام مصافحہ فرماتے ہیں اس کا دل نرم اور آنسو کثیر ہو جاتے ہیں۔'' ایک شخص نے عرض کی: ''یارَسُوْلَ اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! اگر کسی کے پاس اتنا نہ ہو تو؟'' ارشاد فرمایا: ''چاہے ایک لقمہ یا روٹی کا ٹکڑا ہی ہو۔'' ایک اور شخص نے عرض کی: ''یارَسُوْلَ اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! اگر کسی کے پاس اتنا بھی نہ ہو تو؟'' ارشاد فرمایا: ''چاہے دودھ کی لسی ہی ہو۔'' ایک اور شخص نے عرض کی: ''اگر اتنا بھی نہ ہو تو؟'' آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''پانی کے ایک گھونٹ سے ہی اِفْطار کروادے (تب بھی یہ ثواب پائے گا)۔''

چھوٹوں پر شفقت، بڑوں کی عزت اور علما کا احترام کرنے کی فضیلت

﴿147﴾......حضرت سیِّدُنا عبادہ بن صامت رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے نور کے پیکر، تمام نبیوں کے سَرْوَر صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ ''جو ہمارے بڑوں کی عزّت، ہمارے چھوٹوں پر شفقت نہ کرے اور ہمارے عُلما کا حق نہ پہچانے (یعنی ان کا احترام نہ کرے) وہ میری اُمت

www.dawateislami.net

میں سے نہیں۔'' (1)

﴿148﴾......حضرت سیِّدُنا صباح رَحْمَةُ اللّٰهِ تَعَالٰی عَلَيْه اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ سرکارِ مکۂ مکرمہ، سردارِ مدینۂ منورہ صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''سفید بالوں والے مسلمان اور حاملِ قرآن (عالم وحافظ) جو قرآن میں زیادتی کرے نہ اس سے اِعْراض کرے ان کی تعظیم کرنا اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی تعظیم کرنا ہی ہے۔'' (2)

﴿149﴾......حضرت سیِّدُنا اَنَس بن مالک رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْه سے روایت ہے کہ دو جہاں کے تاجْوَر، سلطانِ بَحر و بَر صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''جس نوجوان نے کسی بوڑھے کا اس کی عمر کی وجہ سے اکرام کیا تو اس کے بدلے اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کسی کے ذریعے اس کی عزّت افزائی فرمائے گا۔'' (3)

عُلما کے لئے مجلس کشادہ کرنے کی فضیلت

﴿150﴾......حضرت سیِّدُنا ابو ہریرہ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْه سے روایت ہے کہ سَیِّدُ الْمُبَلِّغِیْن، رَحْمَةٌ لِّلْعٰلَمِیْن صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''تم اپنی مجالس کو عالِم کے علم، بوڑھے کی عمر اور سلطان کے عہدے کی وجہ

---

1 ......المسندللامام احمدبن حنبل، حدیث عباده بن صامت، الحدیث:۲۲۸۱۹، ج۸، ص۴۱۲.

2 ......سنن ابی داؤد، کتاب الادب، باب فی تنزیل الناس منازلهم، الحدیث:۴۸۴۳، ج۴، ص۳۴۴.

3 ......سنن الترمذی، کتاب البر والصلة، باب ماجاء فی اجلال الکبیر، الحدیث:۲۰۲۹، ج۳، ص۴۱۱.

www.dawateislami.net

سے کشادہ کردیا کرو۔'' (1)

مسلمان بھائی کو تکیہ پیش کرنے کی فضیلت

﴿151﴾......حضرت سیِّدُنا اَنس بن مالک رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنہ فرماتے ہیں کہ حضرت سیِّدُنا سلمان فارسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنہ امیرالمؤمنین حضرت سیِّدُنا عمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنہ کے پاس حاضر ہوئے اس وقت امیرالمؤمنین رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنہ تکیہ پر ٹیک لگائے بیٹھے تھے۔آپ نے وہ تکیہ حضرت سیِّدُنا سلمان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنہ کو دے دیا تو انہوں نے عَرض کی: ''اَللّٰہُ اَکْبَر!رسول اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے سچ فرمایا۔'' امیرالمؤمنین حضرت سیِّدُنا عُمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنہ نے فرمایا: ''اے ابوعبداللّٰہ! ہمیں بھی بتاؤ کہ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے کیا فرمایا۔'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنہ نے عَرض کی: میں بارگاہِ رِسالت میں حاضر ہوا اس وقت حُضور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم تکیہ سے ٹیک لگائے تشریف فرما تھے تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے وہ تکیہ مجھے عطا فرمادیا اور ارشاد فرمایا: ''کوئی مسلمان اپنے بھائی کے پاس جائے اور وہ اس کی تکریم کرتے ہوئے اپنا تکیہ اُسے دے دے تو اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اس کی مَغْفِرَت فرمادیتا ہے۔'' (2)

﴿152﴾......حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن عمر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنہُمَا سے روایت

---

1 ......کنزالعمال، کتاب الصحبه من قسم الاقوال، باب الایمان، الحدیث: ۲۵۴۹۵، ج۹، ص۶۶.

2 ......المستدرك للحاكم، كتاب معرفة الصحابة، باب تكريم المسلم بالقاء......الخ، الحديث: ٦٦٠١، ج٤، ص٧٨٣.

www.dawateislami.net

ہے کہ شَفِیعُ الْمُذْنِبِین، اَنِیسُ الْغَرِیبِین صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''تین چیزیں واپس نہ کی جائیں خوشبو، تکیہ اور دودھ۔'' (1)

کھانا کھلانے کی فضیلت

﴿153﴾...... حضرت سیِّدُنا عبد اللہ بن سلام رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بیان کرتے ہیں کہ جب اللہ عَزَّوَجَلَّ کے مَحبوب، دانائے غُیوب، مُنَزَّہٌ عَنِ الْعُیُوب صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم مدینہ منورہ زَادَھَا اللّٰہُ شَرَفًاوَّ تَعْظِیْمًا تشریف لائے تو لوگ جلدی سے آپ کی طرف لپکے، میں بھی آیا تا کہ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کا دیدار کروں۔ جب میں نے آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے چہرۂ انور کو دیکھا تو دیکھتے ہی پہچان گیا کہ یہ کسی جھوٹے کا چہرہ نہیں ہے۔ سب سے پہلی بات جو میں نے آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سے سنی وہ یہ ہے کہ ''کھانا کھلاؤ اور سلام عام کرو اور اپنے رشتہ داروں سے اچھا سلوک کرو اور جب لوگ سو رہے ہوں تو نماز پڑھو سلامتی کے ساتھ جنّت میں داخل ہو جاؤ گے۔'' (2)

﴿154﴾...... حضرت سیِّدُنا عبادہ بن صامت رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص نے بارگاہِ رسالت میں حاضر ہو کر عرض کی: ''افضل اعمال کون سے ہیں؟'' حُسنِ اَخلاق کے پیکر، مَحبوبِ ربِّ اکبر صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ پر ایمان لانا۔ اس کی تصدیق کرنا۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ کی

---

(1)...... سنن الترمذی، کتاب الادب، باب ماجاء فی کراھة ردالطیب، الحدیث: ٢٧٩٩، ج٤، ص ٣٦٢.

(2)...... سنن الترمذی، کتاب صفة القیامة، باب ٤٢، الحدیث: ٢٤٩٣، ج٤، ص ٢١٩.

www.dawateislami.net

راہ میں جہاد کرنا اور مقبول حج۔" جب وہ جانے لگا تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے اسے بلا کر ارشاد فرمایا: "ان سے زیادہ آسان کھانا کھلانا اور نرمی سے گفتگو کرنا ہے۔" (1)

﴿155﴾...... حضرت سیِّدُنا عمرو بن عبسہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بیان کرتے ہیں کہ میں بارگاہِ رسالت میں حاضر ہوا اور عرض کی: "اسلام کیا ہے؟" تو خاتَمُ الْمُرْسَلِیْن، رَحْمَۃٌ لِّلْعٰلَمِیْن صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: "کھانا کھلانا اور نرمی سے گفتگو کرنا۔" میں نے عرض کی: "ایمان کیا ہے؟" ارشاد فرمایا: "صَبْر کرنا اور سخاوت کرنا۔" (2)

﴿156﴾...... حضرت سیِّدُنا صہیب بن سنان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے سرکارِ والا تبار، ہم بے کسوں کے مددگار صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ "تم میں بہتر وہ ہے جو کھانا کھلاتا ہے۔" (3)

﴿157﴾...... حضرت سیِّدُنا جابر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ سیِّدِ عالَم، نُورِ مُجسَّم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: "مَغْفِرَت کے اَسباب میں سے ایک سبب بھوکے مسلمان کو کھانا کھلانا ہے۔ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ ارشاد فرماتا ہے:

---

1 ......مجمع الزوائد، کتاب الایمان، باب ای العمل افضل......الخ، الحدیث: ۲۰۲۔۲۰۱، ج۱، ص۲۲۵۔۲۲۴.

2 ......مجمع الزوائد، کتاب الایمان، باب ای العمل......الخ، الحدیث: ۲۱۰، ج۱، ص۲۲۷.

3 ......المسند للامام احمد بن حنبل، حدیث صھیب بن سنان، الحدیث: ۲۳۹۸۱، ج۹، ص۲۴۰.

www.dawateislami.net

اَوْ اِطْعٰمٌ فِیْ یَوْمٍ ذِیْ مَسْغَبَةٍ ﴿۱۴﴾ (پ ۳۰،البلد: ١٤) ترجمۂ کنزالایمان: یا بھوک کے دن کھانا دینا۔ (1)

﴿158﴾......حضرت سیِّدُنا شریح رَحْمَةُ اللّٰهِ تَعَالٰی عَلَیْه اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ رحمتِ عالَم، نُورِ مُجسَّم صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ”مَغْفِرَت کے اسباب میں سے کھانا کھلانا اور سلام کو عام کرنا بھی ہیں۔“ (2)

﴿159﴾......حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن عمرو رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ سے روایت ہے کہ حضور نبی مُکَرَّم، نُورِ مُجسَّم صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ”جس نے اپنے مسلمان بھائی کو کھانا کھلایا یہاں تک کہ وہ سیر ہو گیا اور پانی پلایا یہاں تک کہ وہ سیراب ہو گیا تو اللہ عَزَّوَجَلَّ کھلانے والے کو جہنم سے سات خندقوں کی مسافت دور کر دے گا۔ ہر دو خندقوں کے درمیان 100 سال کی مسافت ہے۔“ (3)

﴿160﴾......اُمُّ المومنین حضرت سیِّدَتُنا عائشہ صدیقہ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهَا سے روایت ہے کہ رسولِ اَکرم، شاہِ بنی آدم صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ”جب تک بندے کا دسترخوان بچھا رہتا ہے فرشتے اس کے لئے اِسْتِغْفار کرتے رہتے ہیں۔“ (4)

﴿161﴾......حضرت سیِّدُنا جابر رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْه سے روایت ہے کہ حُضُور نبیٔ رَحمت،

(1)......المستدرك للحاكم، كتاب التفسير، باب اطعام المسلم السغبان......الخ، الحديث: ٣٩٩٠، ج٣، ص٣٧٢.

(2)......المعجم الكبير، الحديث: ٤٦٩، ج٢٢، ص١٨٠.

(3)......شعب الايمان للبيهقي، باب في الزكوٰة، فصل في الطعام وسقي الماء، الحديث: ٣٣٦٨، ج٣، ص٢١٧.

(4)......المعجم الاوسط، الحديث: ٤٧٢٩، ج٣، ص٣٢٤.

www.dawateislami.net

شفیعِ اُمت صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ کو سب سے زیادہ پسند وہ کھانا ہے جسے کھانے والے زیادہ ہوں۔'' (1)

﴿162﴾......حضرت سیِّدُنا انس بن مالک رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ حُضُور نبیِّ کریم، رَءُوف رَّحیم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''جس گھر میں مہمان ہوں بھلائی اس گھر کی طرف وہاں میں چھری چلنے سے بھی زیادہ تیز پہنچتی ہے۔'' (2)

﴿163﴾......حضرت سیِّدُنا انس بن مالک رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ سرکارِ مدینہ، قرارِ قلب وسینہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''جو اپنے مسلمان بھائی کی بھوک کو مٹانے کا اہتمام کرے اور اسے کھانا کھلائے یہاں تک کہ وہ سیر ہو جائے تو اللہ عَزَّوَجَلَّ اس کی مَغْفِرت فرمادے گا۔'' (3)

﴿164﴾......حضرت سیِّدُنا جابر بن عبد اللّٰہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ میٹھے میٹھے آقا، مکی مدنی مصطفٰے صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''جو بھوکے کو کھانا کھلائے اللہ عَزَّوَجَلَّ اسے اپنے عرش کے سائے میں جگہ عطا فرمائے گا۔'' (4)

﴿165﴾......حضرت سیِّدُنا انس بن مالک رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ

---

1 ......المسند لابی یعلی الموصلی،مسند جابر بن عبد اللّٰہ،الحدیث:٢٠٤١،ج٢،ص٢٨٨.

2 ......سنن ابن ماجه، کتاب الاطعمة،باب الضیافة،الحدیث:٣٣٥٦،ج٤،ص٥١.

3 ......المسند لابی یعلی الموصلی،مسند انس بن مالك،الحدیث:٣٤٠٧،ج٣،ص٢١٤.

4 ......تمهید الفرش فی الخصال موجبة لظل العرش للسیوطی،ذکر السبعتین اللتین...... الخ،ص٨.

www.dawateislami.net

شہنشاہِ مدینہ، قرارِ قلب وسینہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ بھوکے جگر کو ٹھنڈا کرنے والے (یعنی اسے کھانا کھلانے والے) سے مَحبت فرماتا ہے۔''(1)

﴿166﴾...... حضرت سیِّدُنا اَنَس بن مالک رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ تاجدارِ رِسالت، شہنشاہِ نَبوت صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''جس نے اپنے مسلمان بھائی کو کوئی میٹھی چیز کھلائی تو اللہ عَزَّوَجَلَّ اس سے مَحشر کی سختیاں دور فرمادے گا۔'' (2)

﴿167﴾...... حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن عمرو رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ حضور نبیِّ پاک، صاحبِ لَوْ لاک صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''بے شک جنّت میں بالا خانے ہیں جن کا اندرونی منظر باہر سے اور بیرونی منظر اندر سے نظر آتا ہے۔'' صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن نے عرض کی: ''یَارَسُوْلَ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! یہ کس کے لئے ہیں؟'' ارشاد فرمایا: ''یہ اس کے لئے ہیں جو اچھی گفتگو کرے۔ کھانا کھلائے اور رات کو جب لوگ سو رہے ہوں تو یہ اللہ عَزَّوَجَلَّ کی بارگاہ میں قیام کرے۔'' (3)

﴿168﴾...... حضرت سیِّدُنا جابر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ بارگاہِ رسالت میں عرض کی گئی: ''حج کی (مانند) کونسی نیکی ہے؟'' تو سرکارِ نامدار، مدینے

---

(1)......الکنی والاسماء لدولابی، باب من کنیت ابویحیی، الحدیث: ۲۰۸۱، ج۳، ص۱۱۸۸، برد بدلہ یشبع۔

(2)......الفردوس بماثور الخطاب، باب المیم، الحدیث: ۶۰۵۰، ج۲، ص۲۸۱.

(3)......المستدرك للحاكم، كتاب صلاة التطوع، باب صلاة الحاجة، الحديث: ۱۲۴۰، ج۱، ص۶۳۱.

www.dawateislami.net

کے تاجدار صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''کھانا کھلانا اور نرمی سے گفتگو کرنا۔'' (1)

﴿169﴾ ...... حضرت سیِّدُنا بُدَیل رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ کے پیارے حبیب صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''بے شک مجھے اللہ عَزَّوَجَلَّ کی رضا کے لئے اپنے بھائی کو ایک لقمہ کھلانا دس درہم صَدَقہ کرنے سے زیادہ پسند ہے اور دس درہم صَدَقہ کرنا مجھے غلام آزاد کرنے سے زیادہ پسند ہے۔'' (2)

﴿170﴾ ...... حضرت سیِّدُنا ابو ہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ نور کے پیکر، تمام نبیوں کے سَرْوَر صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: اللہ عَزَّوَجَلَّ قیامت کے دن ارشاد فرمائے گا: ''اے ابن آدم! میں بیمار تھا تو نے میری عیادت کیوں نہ کی؟'' وہ عرض کرے گا: ''اے میرے رب عَزَّوَجَلَّ! میں تیری عیادت کیسے کرتا حالانکہ تُو تو رَبُّ العالمین ہے؟'' اللہ عَزَّوَجَلَّ ارشاد فرمائے گا: ''کیا تجھے علم نہ تھا کہ میرا فلاں بندہ بیمار ہے پھر بھی تو نے اس کی عیادت نہ کی اگر تو اس کی عیادت کرتا تو ضرور مجھے اس کے پاس پاتا۔'' پھر اللہ عَزَّوَجَلَّ ارشاد فرمائے گا: ''اے ابن آدم! میں نے تجھ سے کھانا مانگا تو نے مجھے کھانا کیوں نہ کھلایا؟'' وہ عرض کرے گا: ''اے اللہ عَزَّوَجَلَّ! میں تجھے کیسے کھانا کھلاتا؟ تُو تو تمام جہانوں کو پالنے والا ہے۔'' اللہ عَزَّوَجَلَّ ارشاد فرمائے گا: ''کیا میرے فلاں بندے نے تجھ

---

1 ......السنن الکبری للبیھقی، کتاب الحج، باب فضل الحج و العمرہ، الحدیث: ۱۰۳۹۰، ج۵، ص ۴۳۰، لین الکلام بدلہ طیب الکلام.

2 ......شعب الایمان للبیھقی، باب فی اکرام الضیف، فصل فی التکلف للضیف، الحدیث: ۹۶۲۷، ج۷، ص ۱۰۰.

www.dawateislami.net

سے کھانا نہ مانگا تھا لیکن تو نے اُسے نہ کھلایا کیا تو نہ جانتا تھا کہ اگر تو اسے کھانا کھلا دیتا تو اس کا اجر میرے پاس پاتا۔‘‘

پھر اللہ عَزَّوَجَلَّ ارشاد فرمائے گا: ’’اے ابنِ آدم! میں نے تجھ سے پانی مانگا تو نے مجھے پانی کیوں نہ پلایا۔‘‘ وہ عرض کرے گا: ’’اے اللہ عَزَّوَجَلَّ! میں تجھے کیسے پانی پلاتا تُو تو رَبُّ العالمین ہے۔‘‘ اللہ عَزَّوَجَلَّ ارشاد فرمائے گا: ’’کیا میرے فلاں بندے نے تجھ سے پانی نہ مانگا تھا لیکن تُو نے اسے نہ پلایا۔ اگر تو اسے پانی پلا دیتا تو ضرور اس کا اجر میرے پاس پاتا۔‘‘ (1)

﴿171﴾......امیر المومنین حضرت سیِّدُنا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْہَهُ الْکَرِیْم نے ارشاد فرمایا: ’’میرا اپنے دوستوں کو ایک صاع کھانے پر جمع کرنا مجھے اس سے زیادہ محبوب ہے کہ میں بازار جاؤں اور ایک لونڈی خرید کر آزاد کر دوں۔‘‘ (2)

﴿172﴾......حضرت سیِّدُنا عمرو رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بیان کرتے ہیں کہ امام عالی مقام حضرت سیِّدُنا امام حسین رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی زوجہ نے ان کے پاس پیغام بھیجا کہ ’’ہم نے آپ کے لئے لذیذ کھانا اور خوشبو تیار کی ہے۔ آپ اپنے ہم پلّہ لوگ دیکھیں اور انہیں ساتھ لے کر ہمارے پاس تشریف لے آئیں۔‘‘ حضرت سیِّدُنا امام حسین رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ مسجد میں گئے اور وہاں جو مساکین وسائلین تھے انہیں لے کر گھر تشریف لے گئے۔ ہمسایہ خواتین بھی آپ کی زوجہ کے پاس

---

1 ......صحیح المسلم، کتاب البر والصلۃ والآداب، باب فضل عیادۃ المریض، الحدیث: ۲۵۶۹، ص۱۳۸۹.

2 ......کنز العمال، کتاب الضیافہ من قسم الافعال، الحدیث: ۲۵۹۶۷، ج۵، جز۹، ص۱۱۸.

www.dawateislami.net

آ گئیں اور کہنے لگیں: ''خدا کی قسم تمہارے گھر تو مساکین جمع ہو گئے۔'' پھر حضرت سیِّدُنا امام حسین رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اپنی زوجہ کے پاس تشریف لائے اور فرمایا: ''میں تمہیں اپنے اس حق کی قسم دیتا ہوں جو میرا تم پر ہے کہ تم کھانا اور خوشبو بچا کر نہیں رکھو گی۔'' پھر انہوں نے ایسے ہی کیا۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے پہلے مساکین کو کھانا کھلایا پھر انہیں کپڑے پہنائے اور خوشبو لگائی۔

﴿173﴾ ...... حضرت سیِّدُنا اسماعیل بن ابو خالد رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت سیِّدُنا علی بن حسین رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا سواری پر سوار مساکین کے پاس سے گزرے جو بچے کھچے ٹکڑے کھا رہے تھے۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے انہیں سلام کیا۔ مساکین نے آپ کو کھانے کی دعوت دی تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے یہ آیتِ مُبارَکہ تلاوت کی:

لِلَّذِیْنَ لَا یُرِیْدُوْنَ عُلُوًّا فِی الْاَرْضِ وَ لَا فَسَادًا ؕ (پ ۲۰، القصص: ۸۳)

ترجمۂ کنز الایمان: جو زمین میں تکبر نہیں چاہتے اور نہ فساد۔

پھر سواری سے اتر آئے اور اُن کے ساتھ کھانا کھایا۔ اس کے بعد ارشاد فرمایا: ''میں نے تمہاری دعوت قبول کی۔ اب تم میری دعوت قبول کرو۔'' پھر انہیں اپنے گھر لے گئے اور کھانا کھلایا اور کپڑے اور دراہم عطا فرمائے۔'' (1)

﴿174﴾ ...... حضرت سیِّدُنا عمرو بن دینار رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بیان کرتے ہیں کہ ''حضرت سیِّدُنا عبد اللّٰہ بن عباس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا کا دستر خوان کشادہ اور گفتگو اچھی ہوتی تھی۔''

---

(1) ...... تفسیر قرطبی، سورۃ القصص، تحت الآیۃ: ۸۳، ج ۷، ص ۲۴۰۔

www.dawateislami.net

﴿175﴾ ...... حضرت سیِّدُ نا ابو بکر قرشی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی فرماتے ہیں کہ حجاج کے لئے مصری کا ایک بہت بڑا ٹکڑا بنایا گیا جسے لوگ چوپایوں پر بھی نہ لاد سکتے تھے۔ پھر اُسے ایک چھکڑے سے کھینچ کر خلیفہ عبدالملک کے پاس لایا گیا۔ وہ اپنے گھر سے باہر نکلا اور اس کے حجم کو دیکھ کر اس کی ہیئت کا اندازہ لگایا۔ مگر اسے نہ سمجھ آیا کہ اس کا کیا کیا جائے؟ چند لمحات سوچ کر اپنے غلام کو آواز دی اور کہا: ''اسے حضرت سیِّدُ نا عبداللّٰہ بن جعفر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے پاس لے جاؤ۔'' اُن دنوں آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ خلیفہ کے پاس ہی ٹھہرے ہوئے تھے۔ جب مصری کا اتنا بڑا ٹکڑا ان کے پاس لایا گیا تو وہ بڑے مُتَعَجِّب ہوئے اور لوگ اسے دیکھنے کے لئے جمع ہو گئے۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے پوچھا: ''یہ کیا ہے؟'' عرض کی گئی: ''یہ مصری کا ٹکڑا ہے جو خلیفہ نے آپ کے لئے بھیجا ہے۔'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے باہر نکل کر ایک ایسی چیز دیکھی جس کی مثل لوگوں نے پہلے نہ دیکھی تھی کچھ دیر غور وفکر کرنے کے بعد غلام سے فرمایا: ''چمڑے کے بچھونے اور کلہاڑیاں لے آؤ۔'' چنانچہ، اسے توڑنے کے لئے کلہاڑیاں لائی گئیں اور ساتھ ہی چمڑے کے بچھونے بھی پیش کر دیئے گئے۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''جس کے ہاتھ جو آئے وہ اسی کا ہے۔'' پھر آپ وہیں کھڑے رہے یہاں تک کہ وہ ٹکڑا تمام کا تمام توڑ لیا گیا۔ جب یہ خبر خلیفہ عبدالملک کو پہنچی تو وہ بڑا مُتَعَجِّب ہوا اور کہنے لگا: ''وہ اس معاملے میں ہم سب سے زیادہ جاننے والے ہیں۔''

﴿176﴾ ...... حضرت سیِّدُ نا عروہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں کہ میں حضرتِ سیِّدُ نا سعد بن عبادہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے ملا تو ایک اعلان کرنے والا لوگوں کے

www.dawateislami.net

درمیان اعلان کر رہا تھا کہ ''جو کوئی گوشت و چربی کھانا چاہے وہ سَعد بن عبادہ کے گھر آجائے۔'' آپ فرماتے ہیں: پھر میری ملاقات ان کے بیٹے قیس سے ہوئی تو وہ بھی یہی اعلان کر رہے تھے۔ حضرت سیِّدُنا سَعد بن عبادہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے دعا کی: ''اے اللہ عَزَّوَجَلَّ مجھے کامل تعریف کرنے کی توفیق عطا فرما۔ مجھے بزرگی عطا فرما اور بزرگی تو نیک اعمال میں ہے اور نیک اَعمال مال سے ممکن ہے۔ اے اللہ عَزَّوَجَلَّ! قلیل مال مجھے کفایت نہیں کر سکتا اور میں بھی اس پر تکیہ نہیں کر سکتا۔'' (1)

﴿177﴾......حضرت سیِّدُنا نافع رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن عمر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا روزہ رکھا کرتے اور حضرت سیِّدَتُنا صفیہ بنت عبید رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا ان کی افطاری کے لئے کچھ بنا دیا کرتی تھیں۔ ایک دن ان کے پاس عمدہ قسم کا انار لایا گیا تو دروازے پر ایک سائل نے سوال کیا۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''یہ اُسے دے دو۔'' لیکن حضرت سیِّدَتُنا صفیہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا نے عرض کی: ''اُس کے لئے اِس سے بہتر ہے۔'' پھر حضرت سیِّدَتُنا صفیہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا نے مجھ سے کہا کہ ''اسے فلاں چیز دے دو۔'' پھر جب وہ انار حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن عمر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا کے سامنے پیش کیا گیا تو انہوں نے فرمایا: ''اسے اٹھاؤ اور کسی دوسرے سائل کو دے دو کیونکہ میں اسے صدقہ کرنے کی نیت کر چکا ہوں۔''

﴿178﴾......حضرت سیِّدُنا نافع رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں کہ حضرت سیِّدُنا

---

1 ......المصنف لابن ابی شیبه، کتاب الادب، باب ماذکر فی الشح، الحدیث: ١٤ ـ ١٣، ج ٦، ص ٢٥٤.

www.dawateislami.net

